بنی جدیس کی تباہی: بنی جدیس نے اس امر کو خلاف عقل سمجھ کر نہ تو اپنی حفاظت کا کچھ انتظام کیا اور نہ مقابلہ کی تیاری کی۔ اس کے دوسرے روز تبع یعنی حسان بن تبع اپنے لشکر کے ساتھ بنی جدیس کے سر پر پہنچ گیا اور بہت سخت خونریزی کے ساتھ ان کو نیست و نابود کر دیا اور ان کے قلعوں اور مکانات کو بھی ویران کر دیا۔ بنی جدیس سے اکیلا اسود بن غفار طے کے پہاڑوں کی طرف بھاگ کر چلا گیا۔ لڑائی کے ختم ہونے کے بعد تبع نے یمامہ کو بلوا کر اس کی آنکھیں نکلوا لیں۔ اس شہر کا نام پہلے "جو" تھا اس واقعہ کے بعد یمامہ کے نام سے مشہور ہوا۔ طبری نے اور مورخین سے روایت کیا ہے کہ جس تبع نے بنی جدیس سے مقابلہ کیا تھا وہ حسان کا بیٹا تبع تبان اسعد ابو کرب بن ملکی کرب تھا ہم اس کے حالات ملوک یمن کے سلسلہ میں بیان کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ اور بعضوں نے یہ بیان کیا ہے کہ جس وقت حسان بن تبع بنی حمیر کے ساتھ یمامہ کی طرف روانہ ہوا تو اس نے مقدمۃ الجیش کا افسر عبد کلال بن مثوب بن حجر بن ذی رعین کو مقرر کیا۔ رباح بن مرہ نے اپنی بہن کا قصہ اسی عبد کلال سے بیان کیا تھا اور اس کی بہن کا اصلی نام زرقا تھا اسی کو زرقاء یمامہ بھی کہا کرتے تھے۔

شجرۂ نسب قوم ثمود و صالح ؑ


سام
لاوذ
طسم
ارم
جدیس
جاثر
ثمود
ارم
عابر
جندع
سالف
قدار
صالح

باب : ۴

عمالقہ

عمالقہ کا نسب: عمالقہ عملیق بن لاوذ کی اولاد سے ہیں۔ [illegible] اور جماعت میں ان لوگوں کا تفصیلاً ذکر کیا جاتا ہے۔ طبری نے لکھا ہے کہ عملیق پدر عمالقہ ہے جس کے قبائل مختلف ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں۔ چنانچہ اہلِ مشرق و اہلِ عمان و بحرین و حجاز و مصر میں فراعنہ و شام میں جبابرہ جن کو کنعانی کہتے ہیں انہی کی نسل سے ہیں۔ [illegible] اور عمان اور مدینہ میں جو لوگ ان میں سے رہتے تھے ان کو [illegible] کہتے تھے۔ [illegible] سے مدینہ میں [illegible] سعد بن [illegible] ارقم [illegible] بنی اسرائیل [illegible] حجاز میں بنی ارقم [illegible] کہے جاتے ہیں [illegible] رہتے تھے اور ان کے بادشاہ کا نام ارقم تھا اور طائف میں بنی عبد ضخم [illegible] رہتا تھا۔

بنی اسرائیل کی فتوحات: علامہ ابن خلدون لکھتا ہے کہ میں نے [illegible] کی کتب [illegible] میں تاریخ کی کتابیں دیکھی ہیں جن سے یہ امر معلوم ہوتا ہے کہ عمالقہ کا مقام تیماء (ارض حجاز) میں قیام رہا۔ اس وقت سے جب یہ بنی اسرائیل کے ہاتھوں شکست کھا چکے ہیں۔ پہلے آئے تھے یہاں [illegible] حجاز میں آئے اور [illegible] ہے اکثر جن کی قسمت میں [illegible] ایمان لانے اور حکومت و دولت کے ساتھ زندگی گزارتے رہے۔ یہاں تک کہ سمیدع بن ہوبر [illegible] بادشاہ ہوا [illegible] جرہم نے جو کہ قحطان کے قبیلہ سے تھے۔ عمالقہ کو حرم سے نکال دیا۔ ان لوگوں میں سے بنی [illegible] مدینہ میں پائے [illegible] عملیق کی قوم پیدا ہوئے اور [illegible] حکومت [illegible] آخری سمیدع [illegible] بادشاہ تھا [illegible] یوشع نے قتل کیا تھا جو بنی اسرائیل نے موسیٰ کے بعد ملک شام پر حملہ کیا تھا۔ عمالقہ پر یوشع اور بنی اسرائیل نے اس مقام پر بہت بڑی لڑائیاں [illegible] کہ عمالقہ پر یوشع غالب آئے اور [illegible] پر قبضہ کر لیا جو کہ بیت المقدس کے قریب ہے۔ اس کے بعد بنی اسرائیل نے ملک حجاز [illegible] عمالقہ سے [illegible] یثرب اور اس کے پاس اور خیبر وغیرہ پر قبضہ کر لیا [illegible] اور مقام [illegible] حجاز [illegible] انہی لوگوں میں سے ہیں۔

عمالقہ کا مصر پر قبضہ: اس کے بعد ان کی حکومت [illegible] سمیدع [illegible] شام اور جزیرہ کا حکمران تھا۔ اس کے بعد [illegible] حسان [illegible] عمرو [illegible] طرف [illegible] حکومت کرتے رہے [illegible] عمرو [illegible] طرف [illegible] جزیرۃ العرب سے [illegible] کامیاب ہوا اور عمرو [illegible] طرف گرفتار [illegible]

کے بار حیات سے معطل ہو گیا [illegible] جیسا کہ لوگ گمان کرتے ہیں حالانکہ مصر پر عمالقہ اس وقت سے قابض ہو گئے تھے جب کہ [illegible] بادشاہ نے عمالقہ کے کسی بادشاہ سے جو کہ ان دنوں شام میں رہتا تھا اور اس کا نام ولید بن دومع تھا اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا نام ریان بن اراشہ بن فاران بن عمرو بن عملاق تھا۔ [illegible] مدد کا خواستگار ہوا اور وہ عظیم لشکر لے کر مصر آ گیا اور [illegible] سے نکال دیا تھا۔

عمالقہ کا زوال جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں [illegible] اس وقت سے مصر کے بادشاہ [illegible] بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible] ابراہیم کا فرعون سنان ابن علوان ابن عبید ابن عویج ابن عملیق اور یوسف کا فرعون ریان ابن ولید ابن ثرون اور موسیٰ کا فرعون ولید ابن مصعب بن ابی اھون [illegible] تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ فرعون موسیٰ قابوس بن مصعب [illegible] تھا [illegible] فاران تھا [illegible] ریان ابن ولید کے بعد [illegible] انتہی۔ کلام ابن جرجانی [illegible] ولید بن مصعب کی نسبت [illegible] فرعون مصر [illegible] تھا [illegible] خلافت [illegible] اس کے بعد [illegible] انقلاب [illegible] موسیٰ کا تعاقب کیا [illegible] جیسا کہ ہم آئندہ [illegible] عمالقہ شام کی جہت [illegible] ابن اسحاق [illegible] طبری نے عمالقہ [illegible] بنی اسرائیل نے [illegible] صحیح نہیں ہے۔

آل امیم [illegible] وہ شخص ہے جس نے سب سے پہلے پتھروں کے ٹکڑوں سے مکان بنایا تھا اور اس کی چھت لکڑیوں سے تیار کی تھی [illegible] فارس کے بعض [illegible] صاحب یہ خیال کرتے تھے کہ [illegible] یہ قول بالکل ناقابل اعتبار اور غیر صحیح ہے [illegible] کے درمیانی علاقے میں [illegible] مصر سے ہلاک کیا۔ واللہ اعلم

شجرہ نسب عمالقہ



حضرت شعیب: [illegible] مدین [illegible] بن نابت [illegible] محقق لکھتے ہیں ان کے [illegible] [illegible] تھے [illegible] ان کی طرف شعیب نبی بن [illegible] ان کو ان لوگوں نے [illegible] سے [illegible] انجام [illegible] اور [illegible] کی طرح [illegible] ہلاک ہو گئے۔

([illegible] شعیب کا [illegible] تھا۔ [illegible] بعضوں نے [illegible] کے [illegible] نام [illegible] ہے [illegible] ابراہیم [illegible] کیا ہے شعیب ان لوگوں میں سے [illegible] ابراہیم [illegible] ہجرت کر کے چلے گئے تھے۔ علامہ ابن اثیر [illegible] شعیب [illegible] روایت [illegible] ایک ہی خاندان سے [illegible] ہم اپنے [illegible] کے [illegible] ہیں [illegible] شعیب [illegible]

سے ہیں۔ جیسے کہ علامہ ابن خلدون نے [illegible] کہ ایک مقام پر [illegible] شعیب [illegible] و نسب [illegible] بن [illegible] بن [illegible] بن [illegible] مدین (دوسرا شعیب [illegible]) [illegible] مدین کے [illegible] ذکر کیا ہے۔

شعیب [illegible] خطیب [illegible] حق باتوں کے کہنے میں [illegible] کامل ہے [illegible] تھے [illegible] آپ کے علاوہ [illegible] کے باوجود [illegible] نہیں رہی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی قوم کا یہ قول ﴿وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا﴾ (ھود ۹۱) "اور ہم تم کو اپنے میں ضعیف [illegible] دیکھتے ہیں" [illegible] کلام پاک میں ذکر کیا ہے [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم شعیب کا ذکر [illegible] کے وقت ان کے [illegible] فصیح [illegible] تھے [illegible] فرمایا کرتے تھے (ذاک خطیب الانبیاء) "یہ نبیوں کے خطیب ہیں"۔ تاریخی کتب کی ورق گردانی سے یہ امر معلوم ہوتا ہے کہ شعیب علیہ السلام اہل مدین اور اصحاب ایکہ اور اہل الرس کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔ پہلے دو یعنی اہل مدین اور اصحاب ایکہ کا ذکر کلام مجید میں [illegible] گیا ہے کہ آپ ان کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔

باقی رہے اصحاب الرس ان کا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے لیکن اس سے یہ بات نہیں [illegible] کہ آپ موصوف ان کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔ البتہ تاریخی کتابوں [illegible] سے یہ [illegible] ہوتا ہے کہ شعیب اصحاب الرس کی طرف بھی بھیجے گئے تھے۔ چنانچہ علامہ ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں ایک مقام پر لکھا ہے: (و بعث الیھم نبی منھم اسمہ شعیب) "ان کی طرف ان ہی میں سے ایک نبی [illegible] شعیب [illegible] بھیجے گئے تھے"۔

اہل مدین اور اصحاب [illegible] کی طرف زیادہ مائل تھے [illegible] لینے کے وقت زیادہ لیتے اور دیتے وقت کم دیتے تھے۔ اس کے علاوہ [illegible] کیا کرتے تھے۔ راستوں پر بیٹھ جاتے تھے لوگوں کو شعیب کے پاس آنے جانے سے روکتے تھے اور جو لوگ ایمان لاتے تھے انہیں تنگ کرتے تھے۔ جب ان لوگوں کی شرارت سے شعیب نے [illegible] وعظ و نصیحت [illegible] آپ کی طرف [illegible] تو [illegible] شعیب کے پاس آئے اور دھمکی دی: ﴿لَنُخْرِجَنَّكَ يَا شُعَيْبُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا﴾ (الاعراف ۸۸) "اے شعیب ہم تم کو اور ان لوگوں کو جو تمہارے ساتھ ایمان لائے ہیں [illegible] اپنے گاؤں سے نکال دیں گے یا تم ہمارے مذہب میں پھر آجاؤ"۔

شعیب [illegible] کا [illegible] اس وقت [illegible] نے یہ کہا اور [illegible] ﴿وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ﴾ (ھود ۹۱) "اگر تمہارے [illegible] نہ ہوتے تو ہم تم کو [illegible]" ﴿وَمَا أَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ﴾ "اور تم ہم پر کچھ غالب نہیں ہو"۔ [illegible] قوم پر عذاب [illegible] سے شعیب اور ان لوگوں کے علاوہ جو آپ پر ایمان لائے تھے کوئی جانبر نہ ہوا۔

[illegible] ﴿فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ﴾ (الشعراء ۱۸۹) کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے [illegible] گرمی اور تمازت اس قدر [illegible] کہ سب [illegible] گھروں سے گھبرا کر باہر نکلے۔ [illegible] فاصلے پر ایک ابر [illegible] ان کی طرف [illegible] جب [illegible] آفتاب کی تمازت سے ان کو [illegible] محسوس ہونے لگی [illegible] اپنی قوم کو بلایا۔ تمام لوگ [illegible] کے نیچے [illegible] آگ [illegible] سب کے سب [illegible] جل کر خاک ہو گئے [illegible] مدین (جو [illegible]) [illegible]

[illegible]

جرہم کی ولایت مکہ [illegible]

[illegible] کی حکومت [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

اور یشرح بن جذیمہ بن منتم اور عمرو بن یشرح ان کے بعد صاحبان معروف بہ قیر یکے بعد دیگرے حسب ترتیب مذکور حکومت کرتے رہے اور صاحبان کے زمانہ حکومت میں حبشہ یمن پر غالب آ گئے۔

بنی جرہم کے متعلق روایت: جرہم کی بابت علامہ ابن سعید کی روایت بہ ثبوت رسیدہ ہے کہ جرہم کا ایک گروہ عاد کے زمانہ میں گزرا ہے جسے علماء نسب عرب عاربہ میں سے شمار کرتے ہیں اور یہ جرہم جو یمن میں رہتا اور قحطان ابن عابر کا لڑکا تھا اسے عرب بن قحطان نے اپنے زمانہ حکومت میں حجاز کا حاکم مقرر کیا اس کے بعد عبد یالیل اس کا لڑکا اس کے بعد ابو المدان بن جرہم اور ثعلبہ بن عبد المدان اور عبدالمسیح ابن ثعلبہ اور مضاض ابن عبدالمسیح اور حرث یکے بعد دیگرے حسب ترتیب مذکور والی حجاز ہوتے رہے۔ ان لوگوں کے بعد جرہم بن عبد یالیل ان کے بعد ان کا لڑکا عمرو ابن الحرث بعد اس کے بشیر ابن الحرث اس کا بھائی اور مضاض بن عمرو بن مضاض حاکم حجاز ہوئے۔ اسماعیل علیہ السلام نے جو کہ عرب کے تیسرے گروہ کے مورث اعلیٰ ہیں۔ جرہم والوں میں نشو و نما پائی تھی اور انہیں کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔ اسی قبیلہ میں آپ کی شادی ہوئی تھی۔

آل سبا

اولاد سبا قبائل سابق کی طرح نہ ختم ہوئی نہ ان کی یادگار نسل میں پائی جاتی ہیں اور دنیا۔ دوسرے طبقہ کی باقی ماندہ چلتی پھرتی تصویریں ہیں۔ کسی نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے سبا کی نسبت دریافت کیا تھا کہ وہ مرد تھا یا عورت یا کسی زمین کے ٹکڑے کا نام ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ سبا ایک شخص تھا جس کے دس لڑکے ہوئے تھے۔ منجملہ ان کے چھ یعنی مذحج کندہ ازد و اشعر و انمار حمیر یمن میں سکونت پذیر رہے اور چار یعنی لخم جذام عاملہ غسان شام میں مقیم ہوئے۔

باب: (۵)

حضرت ابراہیم علیہ السلام

کلدان اور عربی زبان [illegible] طوفان سے پہلے [illegible] تک [illegible] [illegible] [illegible] طوفان [illegible]

حضرت ابراہیمؑ کا نسب [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

حضرت ابراہیمؑ سے متعلق توریت کی روایت توریت میں [illegible] [illegible] [illegible] کے وقت [illegible] (۵۳) [illegible] طوفان کے [illegible] بعد [illegible]

ارفخشد کی عمر پینتیس سال کی ہوئی تو شالخ پیدا ہوا۔ شالخ کی عمر تیس برس کی تھی کہ عابر پیدا ہوا اور چونتیس برس کی عمر میں عابر سے فالغ اور فالغ کی عمر تیس برس کی تھی کہ ارغو اور ارغو کی بتیس برس کی عمر میں شاروغ اور شاروغ کی تیس برس کی عمر میں ناحور اور ناحور کی انتیس برس کی عمر میں تارح پیدا ہوا اور اس وقت تارح کی عمر پچھتر (۷۵) برس کی ہوئی جناب ابراہیم پیدا ہوئے۔ اس حساب سے توریت کے مطابق ولادت ابراہیم تک دو سو بانوے برس ہوتے ہیں اور نوح طوفان کے بعد تین سو پچاس برس زندہ رہے تو نوح کے انتقال کے وقت ابراہیم اٹھاون برس کے تھے اور آپ نے اپنے جد اعلیٰ کا زمانہ پایا ہے۔ بعض مؤرخین کا بیان ہے کہ ابراہیم تمام اولاد آدم کے طوفان کے بعد ہوئے ہیں جد اعلیٰ ہیں۔ اس اعتبار سے جناب موصوف تیسرے جد ہیں نوح اور آدم علیہ السلام کے بعد قرار پائے۔

شہر بابل کی تعمیر علامہ ابن سعید کتاب البدء سے نقل کرتا ہے کہ بیہقی نے لکھا ہے: عام اولاد نوح سے پہلے بادشاہت کی اور حکومت و سلطنت کی بنیاد ڈالی وہ کنعان بن کوش ابن حام بن نوح تھا۔ یہ علوم نجوم کی تعلیم کی وجہ سے کسی زمانہ میں اپنی جائے ولادت شام سے زمین کے اس حصہ کی طرف چلا آیا جس کو اب عراق میں بابل کہتے ہیں اور یہ شہر تھا۔ اس نے عراق میں بابل کو آباد کیا۔ اس کے بعد نمرود بن کنعان کا لڑکا تخت حکومت پر بیٹھا۔ یہ بہت بڑا عظیم الشان بادشاہ ہوا اس نے تمام معمورہ عالم پر قبضہ کر لیا۔ اس کی عمر چھ سو برس سے زیادہ ہوئی۔ یہی نمرود عالم میں سب سے پہلا شخص ہے کہ جس نے تاج بنوا کر تیار کر لیا تھا اس کی دیکھا دیکھی تمام بادشاہوں اور اولاد سام بھی اس مذہب کی طرف مائل ہو گئی تھی۔

عابر بن شالخ اور نمرود کی جنگ سام بن نوح دجلہ کے مشرقی جانب مقیم ہوا۔ یہ اپنے باپ کا جانشین اور ولی تھا۔ اس کے بعد ارفخشد بن سام اس کا قائم مقام ہوا۔ ارفخشد روشن ضمیر کہے جاتے ہیں۔ یہ بہت بڑا عابد و زاہد و متقی تھا۔ اس کے بعد شالخ ابن ارفخشد اس کا جانشین ہوا اور ایک مدت دراز تک زندہ رہا۔ اس کے بعد عابر بن شالخ اس کی قائم مقامی پر مامور ہوا۔ جس عہد میں انہوں نے نمرود سے مقابلہ کیا لیکن نمرود اس پر غالب آیا اور اسے جزیرہ سے نکال دیا۔ عابر اپنے ساتھیوں کے ساتھ جزیرہ کی طرف جو فرات اور دجلہ کے درمیان واقع ہے چلا آیا۔

آل عابر بن شالخ عابر کے بعد فالغ بن عابر کی حکومت جزیرہ میں قائم ہوئی۔ اس کے بعد فالغ ابن عابر اس کا وارث و جانشین ہوا۔ یہ وہی ہے جس نے اولاد نوح پر ملک کو تقسیم کیا تھا۔ اسی کے زمانہ میں نمرود نے بابل میں ایک برج بنوایا جس کا ذکر صحف پارسی میں آیا ہے۔ فالغ کے بعد بقول اکثر مؤرخین اس کا لڑکا ملکان جانشین ہوا۔ اس کے زمانہ میں نبطی اور جرامقہ اس خاندان پر غالب آئے اور بابل میں اپنے مذہب صابیت کا سکہ جمایا۔ ملکان اسی حالت میں ایک لڑکا جس کا نام جعفر کہا جاتا ہے چھوڑ کر انتقال کر گیا۔ باقی رہا ارغو ابن فالغ وہ اس واقعہ کے بعد کلواذی کی طرف چلا آیا اور وہیں اس نے اپنے بیٹے کو چھوڑا۔ کہتے ہیں نبطیوں کا مذہب اختیار کیا اور انہی میں اپنا نکاح کر لیا۔ اس کی بیوی سے اس کا لڑکا شاروغ ہوا اور شاروغ سے ناحور اور ناحور سے تارح پیدا ہوا۔ تارح ابن ناحور کو آزر کہتے تھے۔ نمرود نے اسے کال نامی اپنے بت خانہ (بیت خانہ) کا داروغہ مقرر کیا اور نمرود جو جرامقہ سے ہے اس کا نام ماش تھا اور کوش ابن حام کا لڑکا تھا۔ انتہی کلام ابن سعید (کلام ابن سعید کا تمام ہوا)

حضرت ابراہیم کی جائے پیدائش تارح جسے آزر کہتے ہیں بروایت توریت اس کے تین لڑکے ابراہیم، ناحور،

[illegible] ابراہیمؑ [illegible]

[illegible] کا حکم دے دیا۔

حضرت ابراہیمؑ کی پیدائش [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کے قابل ہوگا۔

اس کے علاوہ [illegible] (الانعام [illegible]) [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

سے پوچھا، باپ دادا سے ان کو ہم پوجتے پایا ہے اسی وجہ سے ہم بھی انہیں پوجتے ہیں۔ ﴿قال لقد كنتم انتم وآباؤكم في ضلال مبين﴾ (الانبیاء: ۵۴) "ابراہیم نے ان کو جواب دیا کہ جب تم لوگ ان بتوں کو خدا سمجھ کر پوجتے ہو تو بے شک تم اور تمہارے باپ دادا کھلی گمراہی میں تھے"۔ ﴿قالوا اجئتنا بالحق ام انت من اللعبين﴾ (الانبیاء: ۵۵) اور ان بت پرستوں نے ابراہیم سے یہ کہا کہ "تم اور تمہارے آباؤ اجداد کھلی گمراہی میں تھے"۔ یہ سن کر بت پرست کہنے لگے۔ چنانچہ اس خطرہ پر ان لوگوں نے تعجب کیا یا ناراض ہو کر کہنے لگے کہ تم ہمارے پاس سچی بات لے کر آئے ہو یا دل لگی کرتے ہو ﴿قال بل ربكم رب السموت والارض الذي فطرهن وانا على ذلكم من الشهدين﴾ (الانبیاء: ۵۶) "ابراہیم تو تعلیم و ہدایت کے لئے آئے تھے اس وجہ سے ان لوگوں کے اس خیال کو کہ آپ نے مذاق کیا ہے اس طرح رد فرمایا کہ میں تم سے تمسخر نہیں کرتا۔ تمہارا خدا وہی ہے جو تمہارا رب ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور میں اس بات کا قائل ہوں۔

اس تقریر کے بعد جب ان لوگوں کا تہوار شروع ہونے لگا تو ابراہیم نے ان لوگوں کو یہ کہہ کر ٹال دیا تاکہ ان بتوں کو شکست و نقصان پہنچا سکیں تاکہ ان کے خیالات اور تصورات ٹوٹ جائیں اور ان لوگوں کو یہ خیال پیدا ہو کہ ان بتوں کی بے کسی اور بے حقیقتی ان لوگوں پر ظاہر ہو جائے اور یہ سمجھ جائیں کہ خدا کو چھوڑ کر اپنے بیہودہ خیال سے باز آ جائیں گے۔

چنانچہ جب ان لوگوں کی عید کا دن آیا تو سب لوگ ابراہیم کے پاس گئے اور کہنے لگے "ابراہیم! ہم عید (عید) کی طرف روانہ ہو رہے ہیں تم بھی اپنے خداؤں (بتوں) کا جاہ و جلال دیکھ لو" ابراہیم نے ان لوگوں کو "انی سقیم" "میں بیمار ہوں" کہہ کر ٹال دیا اور جب سب لوگ ابراہیم کے پاس سے عید گاہ روانہ ہو گئے تب ابراہیم نے دل ہی دل میں فرمایا ﴿وتالله لاكيدن اصنامكم بعد ان تولوا مدبرين﴾ (الانبیاء: ۵۷) "اور اللہ کی قسم ہے میں تمہارے بتوں کا علاج کروں گا جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے" ان کلمات کو ایک شخص نے ان میں سے سن لیا تھا۔

ابراہیم ان لوگوں کے چلے جانے کے بعد بت خانہ میں گئے جو کہ ایک بڑے دالان میں واقع تھا دیکھا کہ ایک بڑا بت ایک مرصع تخت پر رکھا ہوا تھا اس کے دائیں بائیں طرف چھوٹے بڑے بت ترتیب وار رکھے ہوئے تھے اور سب کے سامنے کھانے دودھ وغیرہ چڑھے ہوئے تھے پہنچ کر آپ نے ان بتوں سے مذاقاً فرمایا ﴿الا تاكلون﴾ (الصفت: ۹۱) "تم لوگ کیوں نہیں کھاتے؟" جب ان کا جواب کچھ نہ ملا تو دوبارہ آپ نے فرمایا ﴿ما لكم لا تنطقون﴾ (الصفت: ۹۲) "تم لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ تم بولتے بھی نہیں"۔ جب ان کا کچھ بھی جواب نہ پایا تو آپ ان کے توڑنے کی طرف متوجہ ہوئے جیسے کہ آیت کریمہ ﴿فراغ عليهم ضربا باليمين﴾ (الصفت: ۹۳) "پھر جھپٹ کر ان پر داہنے ہاتھ سے پاش پاش کر دیا" سے مفہوم ہوتا ہے اس بت کے سوا جو سب سے بڑا تھا باقی سب کو توڑ ڈالا اور اسی کے کاندھے پر آپ اپنا تبر رکھ کر چلے آئے۔

جس وقت وہ لوگ عید گاہ سے واپس آئے تو بتوں کو خراب حالت میں پایا کہنے لگے ﴿من فعل هذا بالهتنا انه لمن الظلمين﴾ (الانبیاء: ۵۹) "کس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ ایسا کیا ہے؟ بے شک وہ ظالموں میں سے ہے"۔ ایک نے ان میں سے کہا "کل کو ہم نے ایک جوان کو جسے ابراہیم کہتے ہیں ان بتوں کی برائیاں کرتے ہوئے سنا تھا"۔

---

۱ [illegible] میں ایک [illegible] بت [illegible] تھے [illegible] سامنے [illegible] کھانے رکھ دیئے جاتے تھے [illegible] میں جاتے تھے [illegible] واپس آتے تو [illegible] کھاتے تھے۔

لوگوں نے اس واقعہ سے نمرود کو مطلع کیا۔ اس نے ابراہیمؑ کو ظاہری حجت اور دلیل کے ذریعہ گرفتار کر لینا مناسب سمجھ کر کہا ”اچھا اسے ہمارے سامنے لاؤ تاکہ سب لوگ دیکھیں اس کی شہادت دے سکیں“۔

چنانچہ وہ سب لوگ ابراہیمؑ کے پاس گئے اور انہیں نمرود کے دربار میں گرفتار کر لائے۔ نمرود نے دریافت کیا ﴿ءَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ﴾ (الانبیاء: ۶۲) ”اے ابراہیمؑ! کیا تو نے ہمارے معبودوں (بتوں) کے ساتھ یہ کام کیا ہے“۔ ابراہیمؑ نے اس کے جواب میں صریحاً انکار نہ کیا بلکہ اشارۃً فرمایا ﴿بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ﴾ (الانبیاء: ۶۳) ”بلکہ کیا ہے یہ کام ان کے اس بڑے نے سو ان سے پوچھ لو اگر وہ بولتے ہوں“۔ ابراہیمؑ کے اس خیال کے ظاہر کرنے سے بعض لوگوں کے چہروں پر فکر و تشویش کے آثار نمایاں ہو گئے اور ایک دوسرے سے کہنے لگے ﴿إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ﴾ (الانبیاء: ۶۴) ”بے شک تم ہی بے انصاف والوں میں ہو“۔

پھر چند لمحہ بعد جو شیطان نے ان کی عقل کو آ گھیرا پھر اسی شان کے پردے ڈال رہے تھے ابراہیمؑ سے مخاطب ہو کر کہا ﴿لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ يَنطِقُونَ﴾ (الانبیاء: ۶۵) ”بے شک تجھ کو معلوم ہے کہ یہ بولتے نہیں“۔ اسی وجہ سے ان بتوں سے دریافت کرنے کو کہتے ہو۔ پھر ابراہیمؑ کی یہی تو غرض تھی کہ یہی ان کا اعتراف تھا۔ ابراہیمؑ ان لوگوں کی بے جا حالت پر متعجب ہو کر بولے ﴿أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ﴾ (الانبیاء: ۶۷) ”کیا پھر تم سوائے اللہ کے کسی اور ایسے کو پوجتے ہو جو کہ تم کو نہ نفع پہنچا سکتا ہے اور نہ نقصان، تف ہے تم پر اور ان پر جن کی تم عبادت کرتے ہو سوائے اللہ کے، کیا تم نہیں سمجھتے ہو“۔

پھر نمرود ابراہیمؑ سے مخاطب ہو کر بولا ”کیا تم نے اپنے اس رب کو دیکھا ہے جس کی عبادت کرتے ہو اور وہ رب تمہارا کون ہے جس کی طرف تم لوگوں کو بلاتے ہو؟“

ابراہیمؑ ﴿رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ﴾ (البقرہ: ۲۵۸) ”میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے“۔ نمرود ”یہ کام تو میں بھی کر سکتا ہوں“۔ ابراہیمؑ یہ سن کر خاموش ہو گئے اور نمرود نے ان دو شخصوں کو طلب کیا جو واجب القتل ہو چکے تھے ان دونوں میں سے ایک کے قتل کا حکم دیا اور دوسرے کی خطا معاف کر کے ابراہیمؑ سے متوجہ ہو کر بولا ”ابراہیمؑ تم نے دیکھا کہ میں نے تمہیں ایک کو مار ڈالا اور ایک کو زندہ کیا۔ کیا اب بھی تم مجھے مرنے اور زندہ کرنے والا نہیں سمجھتے۔ تمہارے رب میں مجھ سے زائد کوئی صفت نہیں ہے وہ بات بتلاؤ جو تمہارے رب میں ہو اور مجھ میں نہ ہو“۔

ابراہیمؑ نے کہا ﴿فَإِنَّ اللَّهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ﴾ (البقرہ: ۲۵۸) ”بے شک اللہ تعالیٰ آفتاب کو مشرق سے طلوع کرتا ہے تم تو مغرب سے نکال لاؤ“۔ نمرود سے اس سوال کا جواب کچھ بن نہ آیا اپنا سا منہ لے کر خاموش ہو گیا اور ابراہیمؑ نمرود کے دربار سے اٹھ کر چلے آئے۔ تب ان لوگوں میں مشورے ہونے لگے۔ بعضوں نے قتل کر دینے کے لئے کہا اور کسی نے قید کرنے کی طرف اشارہ کیا اور کثیر لوگ اس رائے سے متفق ہوئے کہ زندہ بے محابا جلا دیئے جائیں۔ چنانچہ نمرود نے بھی اس رائے سے اتفاق ظاہر کیا اور لکڑیاں جمع کئے جانے کا حکم صادر کیا۔

ہمارے خیال ناقص میں نمرود کی سلطنت میں شاید ایسا کوئی شخص نہ تھا جس نے تمام ایندھن اس قسم کی لکڑیاں جمع نہ کی ہوں۔ اس وجہ سے نہایت قلیل مدت میں بے انتہا لکڑیاں جمع ہو گئیں اور آگ مشتعل کی گئی جس وقت ابراہیمؑ منجنیق میں رکھ کر اس آگ میں

---

[1] بعض روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ میدان میں ایک شخص ابراہیمؑ کے قتل پر مامور کیا گیا تھا لیکن جونہی اس وقت ابراہیمؑ کے قتل کا ارادہ کیا فوراً اللہ تعالیٰ نے زمین میں دھنسا دیا۔ واللہ اعلم

تھے ایک عالم کے بت پرستوں نے مشتعل کیا تھا لائے گئے۔ اس وقت عجیب کیفیت تھی ہوا کے فرشتے (جن جن و انس) کے تمام مخلوق اپنی حالت سے جناب باری میں کہہ رہا تھا: "اگر ابراہیم آگ میں جلا دیئے گئے تو کوئی شخص دنیا میں تیرا نام لینے والا نہ رہ جائے گا تو ہم کو اجازت دے تو ہم ابراہیم کی مدد کریں"۔ جناب باری سے حکم ہوا: ان استغاث بشئ منکم فلینصرہ و ان لم یدع غیری فانا لہ "اگر وہ تم میں سے کسی سے مدد چاہے تو اجازت ہے کہ اس کی مدد کرو اور اگر اس نے میرے سوا کسی دوسرے کو نہ بلایا تو ہم اس کی مدد کو موجود ہیں"۔ اس اجازت کے بعد بعض نے ابراہیم سے کہا: الک حاجۃ "کیا تم کو کچھ ضرورت ہے"۔ لیکن ابراہیم نے صاف یہی جواب دیا: اما الیک فلا "ہاں ہے مگر تم سے نہیں"۔ یہ ایسا جواب تھا جو در حقیقت ابراہیم اور ان کی شان کے موافق تھا۔ کائنات ہوا کے فرشتے جن و انس کے تماشے حیرت و افسوس کی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے۔

جس وقت ابراہیم آگ کے ڈھیر کے قریب پہنچے تو آسمان کی طرف سر اٹھا کر جناب باری میں عرض کیا: اللھم انت الواحد فی السماء و انا الواحد فی الارض لیس احد یعبدک غیری حسبی اللہ و نعم الوکیل "اے خدا! تو اکیلا ہے آسمان میں اور تو اکیلا ہے زمین میں کافی ہے مجھ کو اللہ اور وہ بہت ہی اچھا وکیل ہے"۔ پھر آگ کے شعلوں کا آپ کے بدن تک پہنچنا ہی تھا کہ جناب باری سے قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراہیم (انبیاء: ۶۹) "ہم نے کہا اے آگ ٹھنڈی ہو جا اور سلامتی والی ہو جا ابراہیم کے لئے"۔ کے خطاب نے آگ کو گلزار بنا دیا۔ جس خدا کی کیا شان ہے۔

حضرت ابن عباس وغیرہ اس امر پر اتفاق ظاہر کرتے ہیں کہ اگر بردا کے بعد سلاما کا لفظ نہ ہوتا تو ابراہیم کو شدت سردی سے ہلاک ہونے کا احتمال تھا یعنی آگ کی ٹھنڈک ہلاکت کا باعث ہوتا اور اسی طرح اگر اس حکم کو مطلق چھوڑ دیا جاتا اور "علی ابراہیم" کے ساتھ مقید نہ کیا جاتا تو بے شک دنیا بھر کی آگ ٹھنڈی ہو جاتی اور آج تک آگ کا نام و نشان نہ ہوتا۔ واللہ اعلم

نمرود نے بالاخانے پر سے دیکھا۔ اس کا یہ خیال تھا کہ صورت آتش نے ابراہیم کا کام تمام کر دیا ہوگا۔ لیکن ایک روز نظر غور سے دیکھا تو جناب موصوف بیٹھے ہوئے ہیں نمرود کو تعجب ہوا اسی وقت ابراہیم کو طلب کر کے کہا: مجھ کو تعجب معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم زندہ ہے۔ یہ وجہ سے نہیں جا سکتا ہوں کہ تم آگ میں ہو۔ میرے لئے ایک بلند مکان بناؤ کہ جس سے میں ابراہیم کو دیکھ سکوں۔

نمرود کی زبان سے یہ فقرہ تمام ہونے بھی نہ پایا تھا کہ لوگ دوڑ پڑے اور مکان بنانے میں مصروف ہو گئے۔ تھوڑی مدت کے اندر ہی ایک مکان اس کا تیار ہو گیا۔ نمرود اس مکان پر چڑھا اور آگ کی طرف دیکھنے لگا۔ دیکھا تو تعجب سے ہوا کہ آگ کے اندر ابراہیم کے پہلو میں ابراہیم کی صورت و شکل کا ایک آدمی بیٹھا ہوا ہے۔ تھوڑی دیر تک خاموشی کے عالم میں دیکھا کیا۔ جب صبر نہ ہو سکا تو پکار کر کہنے لگا: "اے ابراہیم تیرا خدا بہت قوی ہے۔ اس کی قدرت اور عظمت ایسی بڑھی ہوئی ہے کہ اس نے وہ چیز پیدا کی جو تجھ میں اور آگ میں حائل ہو گئی ہے۔ کیا تم میں اس قدر طاقت ہے کہ آگ سے صحیح سالم نکل آؤ؟"۔ ابراہیم نے جواب دیا: "ہاں ممکن ہے جس خدا نے مجھے یہ مرتبہ عطا فرمایا ہے۔ اس کی قدرت سے میں باہر بھی آ سکتا ہوں"۔ ابراہیم یہ کہہ کر اٹھے اور بے تکلف ٹہلتے ہوئے آگ کے ڈھیر سے باہر آ گئے۔ نمرود نے دریافت کیا: "اے ابراہیم! تمہارے پاس تمہاری ہی ہم شکل کون شخص بیٹھا ہوا تھا؟" آپ نے فرمایا: "یہ ملک الظل تھا جس کو اللہ جل شانہ نے اسے میرے پاس انس کی غرض سے بھیجا تھا کہ وہ مجھ سے باتیں کرے تاکہ میری تنہائی کی تکلیف کم ہو جائے"۔ (مترجم)

حضرت ابراہیم کی ہجرت : اس واقعہ کے بعد نمرود نے ابراہیم سے کہا میں اب چاہتا ہوں کہ تم جس کی طرف تم بھیجے

بارے میں تمہارے رب کے لیے قربانی کرنا چاہتا ہوں۔ ابراہیم نے جواب دیا کہ جب تک تم اس ذات وحدہ پر ایمان نہ لے آؤ گے اللہ جل شانہ تمہاری کسی عبادت کو قبول نہ کرے گا۔ نمرود نے کہا کہ میں ایسا امر تو نہیں کر سکتا کیونکہ یہ میری شان کے خلاف ہے۔ اس کے بعد اس نے چار ہزار گایوں کی قربانی کی اور جناب موصوف کو کسی قسم کی تکلیف نہیں دی۔ پھر اللہ جل شانہ نے ابراہیم کو ہجرت کا حکم دیا۔ چنانچہ آپ اپنے باپ تارخ اور [illegible] ناحور اور ان کی بیوی ملکا جو ہاران (تارخ کے بیٹے) اور لوط بن ہاران اور سارہ زوجہ ابراہیم کے ساتھ کلدانیوں کی سرزمین سے ہجرت کر کے حران چلے آئے۔

حضرت سارہ: لوگوں نے بیان کیا ہے کہ سارہ تو ہاران کی بیٹی تھیں اور بعضوں نے لکھا ہے کہ یہ شاہ حران کی بیٹی تھیں۔ جب دین ابراہیمی قبول کیا۔ کسی وجہ سے ان کی قوم نے ان پر طعنہ زنی کی تو ابراہیم نے ان سے اس شرط پر عقد کیا کہ ان کو کسی قسم کی تکلیف نہ دی جائے گی۔ لیکن توریت میں ہے کہ سارہ نمرود کی سرزمین کلدانیوں سے ابراہیم کے ساتھ حران آئیں اور یہاں پر ابراہیم سے ان کا عقد ہوا۔ [illegible] نے لکھا ہے کہ سارہ دین ہاران کی بیٹی تھیں جو ابراہیم کے چچا تھے اور جن کو ہاران اکبر [illegible] کہتے ہیں۔ [illegible] حران میں قیام ابراہیم کے زمانہ میں تارخ (آزر) کا دو سو پانچ برس کی عمر میں انتقال ہو گیا۔

حضرت ابراہیم کی مصر میں آمد پھر ابراہیم نے اللہ کے حکم سے کنعان کی طرف ہجرت کی (جہاں پر ان کی نسل کی ترقی ہونے والی اور یہیں سکونت کرنی تھی۔ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تھا کہ تم کو اس ملک کا مالک کریں گے)۔ آپ نے یہاں آکر قیام کیا۔ جہاں اب بیت المقدس ہے۔ پھر تھوڑے دنوں بعد جب کنعان میں قحط پڑا تو آپ اپنے اہل بیت کے ساتھ مصر چلے گئے۔

حضرت سارہ کی گرفتاری اور رہائی مصر پہنچ کر ابراہیم اپنے اہل بیت کے ساتھ مصر میں ایک مقام پر سکونت پذیر ہوئے تھے یہاں پر آپ کو کوئی پہچانتا نہ تھا لیکن سارہ کا حسن و جمال چھپا ہوا تو تھا نہیں رفتہ رفتہ اس کی خبر فرعون مصر کو پہنچی۔ اس نے ابراہیم کو طلب کر کے سارہ کے بارے میں دریافت کیا۔ ابراہیم نے اس خیال سے کہ مبادا یہ مجھ کو قتل کر کے سارہ کو چھین لے یہ کہہ دیا کہ یہ میری بہن ہے۔ لیکن فرعون نے اس پر خیال نہ کیا اور سارہ کو اپنے آدمیوں سے اپنے خلوت خانہ میں گرفتار کر کے منگوا لیا۔ جب اس نے ایک بار بدنیتی سے سارہ کا قصد کیا تو اس کے ہاتھ پاؤں خشک ہو گئے یا کہ اس پر صرع (مرگی والی) کیفیت طاری ہو گئی اور حضرت سارہ کی دعا سے اپنی اصلی حالت پر آ گئے۔ تب بھی باز نہ آیا دوسری بار اس نے سارہ سے اپنی اس بے ادبی کی معافی چاہی اور ہاجرہ کو آپ کی نذر کر کے حضرت ابراہیم کے پاس بھیج دیا۔

حضرت ہاجرہ: طبری نے لکھا ہے کہ جس فرعون نے سارہ کا ارادہ کیا تھا وہ سنان بن علوان بن عبید بن عولج تھا۔ ظاہر یہ ہے

---

[1] موصوف توریت کے بموجب سب سے پہلے [illegible] بتایا جاتا ہے۔

[2] [illegible] کا نام عبرانی زبان میں [illegible] مصری [illegible] تھیں۔ [illegible]
[illegible]
پہلے اس کا لقب [illegible] تھی [illegible] ابراہیم خلیل اللہ [illegible]
[illegible]

[3] [illegible]

کنعان کو قحط سے بچا۔ اس واقعہ کے بعد ابراہیم اپنے اہل بیت کے ساتھ شام یعنی کنعان کی طرف چلے گئے بعضوں نے لکھا ہے کہ جس نے سارہ کا قصد کیا تھا اور جس کے ہاتھ خشک ہو گئے یا وہ مرض میں مبتلا ہو گیا تھا وہ شاہ وادیاں ہے اور اس نے بعد افاقہ ہاجرہ کو آپ کی خدمت کے لئے آپ کو دے کر رخصت کیا جو بعض کے نزدیک قبطی لونڈی تھیں۔

حضرت ابراہیم کی کنعان میں آمد: پھر ابراہیم مصر سے نکل کر اپنے متعلقین کے ساتھ کنعان کی طرف روانہ ہوئے اور مقام حبرون میں (جس کو اب مقام خلیل کہتے ہیں) پہنچ کر قیام کیا۔ یہ وہی مقام ہے جس کو صاحب خلیل مشہور اور مذبح کہتے تھے اور جس کے پتھر کو وغیرہ جلاتے تھے۔ عبرانیوں نے اسی کا نام ایلیا (اللہ کا گھر) رکھ لیا۔

حضرت لوطؑ کی علیحدگی: لوطؑ یہاں تک تو ابراہیمؑ کے ساتھ رہے لیکن اب یہ مویشیوں کی کثرت اور چراگاہوں کی قلت کی وجہ سے ابراہیم سے علیحدہ ہو کر فلسطین کی طرف جانے والے ہیں۔ اگرچہ ہمارے مورخین نے ان کی سرگزشت اسی مقام پر ختم کر دی ہے لیکن ہم ان کا حال مستقل طور سے آئندہ لکھیں گے اس موقع پر اس قدر جو کہ ابراہیم علیہ السلام کے حال سے پیدا ہو رہی ہے ہاتھ سے نکل رہا ہے

پوجا کیا کرتے تھے۔

مفسرین اور مورخین [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

باب: ۶

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

حضرت اسمٰعیل کی پیدائش: ہجرت یا ملک بدری کے بعد دسویں سال سارہ نے ابراہیمؑ کو ہاجرہ سے نکاح کرنے کی اجازت دی اور یہ خیال کیا کہ شاید اللہ تعالیٰ انہی سے کوئی اولاد عطا فرمائے۔ کیونکہ جناب سارہ موصوف کے لڑکا ہونے کی امید باقی نہ تھی اور اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا تھا اور سارہ کی عمر زیادہ ہو گئی تھی۔ وہ لڑکا ہونے سے ناامید ہو گئی تھیں۔ جب ابراہیمؑ نے ہاجرہ سے نکاح کیا تو آپ کی عمر چھیاسی برس کی تھی جب اسمٰعیل علیہ السلام ہاجرہ سے پیدا ہوئے۔ جناب سارہ کو اس سے ملال ہوا کہ ان کے لڑکے کی پیدائش ہوئی اور ان کی ہاجرہ سے [illegible] غرض ان کے بعد غیرت نے ان کو مجبور کیا انہوں نے ابراہیمؑ سے ہاجرہ کے نکالنے کا تقاضا کیا۔

حضرت ہاجرہ کی روانگی مکہ: ابراہیمؑ کو تعجب ہوا کیونکہ سارہ [illegible] اللہ [illegible] نے آپ کی بیوی کو [illegible] کہ سارہ کی اس بات [illegible] ابراہیم ہاجرہ کو لے کر [illegible] اسمٰعیل [illegible] روانہ ہوئے اور [illegible] اللہ کے حکم سے [illegible] زمین کا [illegible] چھوڑ کر لوٹے۔ [illegible] رخصت کے وقت ہاجرہ نے کہا اے ابراہیمؑ [illegible] کیا یہ حکم [illegible] تم ہم کو ایسی زمین میں چھوڑے جاتے ہو جہاں نہ کوئی درخت ہے اور نہ پانی ہے"۔ ابراہیم نے جواب دیا (ربی امرنی) "میرے خدا نے حکم دیا ہے"۔ ہاجرہ نے جواب دیا: فلن یضیعنا "وہ بے شک ہم کو ضائع نہ کرے گا"۔ اور حضرت ابراہیم چلے گئے۔ ابراہیمؑ نے [illegible] کے وقت ہجرت کے تقاضے یا الٰہ العالمین سے مخاطب ہو کر یہ دعا کی ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی زرع عند بیتک المحرم ربنا لیقیموا الصلوٰۃ فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم وارزقھم من الثمرات لعلھم یشکرون (۱۴: ۳۷) "اے رب میں نے اپنی ایک اولاد بیابان بے کھیتی میں تیرے عزت والے گھر کے پاس [illegible] اے رب ہمارے تاکہ وہ نماز قائم کریں [illegible] لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور ان کو روزی دے میووں سے تاکہ وہ شکر کریں"۔ اللہ جل شانہ نے آپ کی یہ دعا قبول فرمائی۔

---

۱ [illegible]

حضرت ہاجرہ کی پریشانی: ابراہیمؑ کے چلے جانے کے بعد بی بی ہاجرہ اور اسمٰعیلؑ اس بیابان میں تنہا رہ گئے۔ ایک شب و روز یا اس سے زیادہ پانی ختم ہو گیا جس کو واپسی کے وقت حضرت ابراہیمؑ ان کے ہمراہ لائے تھے اور اسمٰعیل کو تشنگی نے بے تاب کیا۔ ہاجرہ نے جب پریشانی کی تو پانی کی تلاش میں کوہ صفا پر چڑھ جاتی تھیں جب وہاں پانی کا کچھ نشان نہ ملتا تو اسی پریشانی کی حالت میں مروہ کی چوٹی پر پہنچ جاتی تھیں۔ یہاں تک کہ سات مرتبہ صفا سے مروہ اور مروہ سے صفا کی چوٹیوں پر آئیں گئیں۔ آخر [illegible] پایا تھا کہ آپ نے [illegible] بچے کی رونے کی آواز سن کر دوڑی آئیں۔ اسمٰعیل اس وقت رو رہے تھے اور زمین پر پاؤں مار رہے تھے جس سے دفعتاً یہ چشمہ زمزم ابل پڑا۔

چشمہ زمزم: بعض سے روایت ہوتی ہے کہ اسمٰعیل کو ہاجرہ مقام حجر میں چھوڑ گئی تھیں اور ان کے لئے ایک چھپر بنا دیا تھا اور جبرئیل نے آ کر ہاجرہ کے لئے چشمہ کھول دیا تھا اور انہوں نے کہا ہے کہ ہاجرہ کو اس سے آگاہ کیا اور یہ بتلایا کہ اس چشمہ سے اللہ کے مہمان سیراب ہوں گے اور تھوڑے دنوں بعد اس بچے کا باپ آئے گا اور دونوں مل کر اللہ تعالیٰ کا گھر بنائیں گے۔ [illegible] جرہم کا [illegible] ان کے اس بیابان کی طرف سے گزرے۔ پرندوں کو [illegible] پانی پر اڑتے ہوئے دیکھ کر تعجب سے کہنے لگے "اس وادی میں تو پانی نہ تھا یہ چڑیاں کیوں اڑ رہی ہیں" چنانچہ انہوں نے جستجو میں چل کر اور مقام حجر میں پہنچ کر ایک عورت اور ایک بچہ اور چشمہ دیکھا اور [illegible] ہاجرہ نے [illegible] اپنے بچے کو جب [illegible] اور اس ابلتے ہوئے پانی کے چاروں طرف مٹی کی ایک مینڈھ سی بنا دی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] فرماتے تھے: یرحمھا اللہ لو ترکتھا لکانت عینا معینا "اللہ ہاجرہ پر رحم کرے اگر وہ اس چشمہ کو یونہی چھوڑ دیتیں تو ایک چشمہ جاری ہو جاتا"۔

بنی جرہم کی آمد: بنی جرہم [illegible] پانی ملنے کی وجہ سے اس [illegible] ریگستان میں پریشان پھر رہے تھے، پرندوں کو اڑتے ہوئے دیکھ کر اس طرف آئے جہاں بی بی ہاجرہ اپنے بچے اسمٰعیل کے ساتھ مقیم ہوئی تھیں۔ بنی جرہم نے پہلے تو چشمہ کو تعجب بھری نگاہوں سے دیکھا۔ اس کے بعد جب ان کی نظر بی بی ہاجرہ پر پڑی تو وہ بہت متعجب ہوئے۔ تھوڑی دیر سکوت کے عالم میں رہے۔ اس کے بعد ان لوگوں نے ہاجرہ کی اجازت سے اسی مقام پر قیام اختیار کیا اور ان کا یہاں آ کر رہنا فی الحال ان کی تنہائی رفع کرنے کا باعث ہوا۔ اسمٰعیل نے اسی گروہ میں پرورش پائی۔ جوان ہوئے تو انہی لوگوں سے زبان عربی سیکھی۔ ان لوگوں نے [illegible] چونکہ ان کی [illegible] ایک عورت سے آپ کا عقد کر دیا۔ پھر ہاجرہ کا انتقال ہو گیا۔ اسمٰعیل نے ان کو مقام حجر میں دفن کر دیا۔

ولادت اسحاقؑ کی بشارت: جس وقت ابراہیمؑ بی بی ہاجرہ کو مکہ میں تنہا چھوڑ کر شام کو واپس ہوئے وہ بیت المقدس میں مقیم ہو گئے۔ اسی اثناء میں جہاں لوطؑ اپنے چچا ابراہیمؑ سے علیحدہ ہو کر چلے گئے تھے۔ سدوم اور عمورہ والوں کے ارتکاب معاصی حد سے بڑھ گئے۔ لوطؑ نے ان کو سمجھایا اللہ کی طرف بلایا۔ ان لوگوں نے بات نہ سنی تو فرشتے ان کے ہلاک کرنے کو اللہ تعالیٰ نے بھیجا اور یہ سب ابراہیمؑ کی طرف ہو کر گزرے۔ ابراہیمؑ نے ان کی دعوت کی۔ [illegible] خدمت میں [illegible] سے معروف ہوئے۔ سارہ کے بیٹے اور ملائکہ نے بشارت دی [illegible] اسحاقؑ و یعقوبؑ کے واقعات پیش آئے۔ جیسا کہ قرآن

۱؎ قرآن شریف کے [illegible] میں یہ [illegible] اسی طرح مذکور ہے [illegible] جب ملائکہ قوم لوط کے ہلاک کرنے [illegible]

[illegible]

حضرت ابراہیم کا فاران [illegible] سے متعلق فیصلہ: [illegible]

[illegible]

حضرت اسمٰعیل کا عقد ثانی [illegible]

[illegible]

جس وقت شکار کھیل کر واپس آئے۔ بیوی نے ان کی تعظیم سے ابراہیم علیہ السلام کا نام لیا اور تمام ماجرا لفظ بلفظ کہہ سنایا۔ اسمٰعیل علیہ السلام نے سن کر فرمایا ''وہ میرے باپ تھے وہ مجھے ہدایت کر گئے ہیں کہ میں تمہیں اپنے سے کبھی جدا نہ کروں''۔

تعمیر کعبہ ان واقعات کے بعد خانہ کعبہ بنانے کا حکم ہوا۔ ابراہیم علیہ السلام شام سے حجاز اسمٰعیل علیہ السلام کے پاس مکہ آئے اور دونوں باپ بیٹوں یعنی ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام نے خانہ کعبہ اس طرح بنانا شروع کیا کہ ابراہیم علیہ السلام تو چنائی کا کام کرتے تھے اور اسمٰعیل گارا اور پتھر اٹھا اٹھا کر دیتے تھے۔ یہ دونوں بزرگ بناتے وقت اپنے رب سے یہ دعا کرتے جاتے تھے ﴿ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم﴾ (بقرہ ۱۲۷)

''اے ہمارے رب یہ کام ہمارا قبول کر بے شک تو سمیع و علیم ہے''۔

جس وقت دیوار کسی قدر بلند ہوگئی اور ابراہیم چنائی سے مجبور ہوگئے تو ایک پتھر پر کھڑے ہو کر کام کرنے لگے یہ وہی مقام ہے جس کو اب مقام ابراہیم کہتے ہیں۔ خانہ کعبہ جب تیار ہونے کے قریب پہنچا تو ابراہیمؑ نے اسمٰعیل سے کہا کہ کوئی اچھا پتھر کا ٹکڑا ڈھونڈ کر لاؤ تاکہ اس کو رکن پر رکھ دوں جس سے لوگوں کو امتیاز باقی رہے۔ علماء کہتے ہیں کہ جبل ابو قبیس نے آواز دی تھی کہ ''میرے پاس تمہاری امانت رکھی ہے'' لیکن بعض یہ کہتے ہیں کہ جبرئیلؑ نے پتھر لا کر دیا تھا۔ بہرحال جو کچھ ہوا اسمٰعیل اس پتھر کو اٹھا لائے اور ابراہیم نے اپنے ہاتھ سے اٹھا کر مقام رکن پر رکھ دیا یہی حجر اسود ہے جس کا طواف کے وقت بوسہ لیا جاتا ہے۔ بیت اللہ کے بننے کے بعد ابراہیم حسب حکم باری تعالیٰ مکہ مکرمہ کے قریب ایک پہاڑ کی بلند چوٹی پر چڑھ گئے اور آواز بلند فرمایا یا ایہا الناس ان اللہ قد بنی لکم بیتا و دعاکم الی حجہ فاجیبوہ ''اے لوگو بے شک اللہ نے تمہارے لئے گھر

---

[1] [illegible]

[2] [illegible] ہیں۔



بلایا ہے۔ ابراہیمؑ کو اس کے حج و زیارت کے لئے بلایا ہے بس تم لوگ آجاؤ"۔ اس کے بعد یہ وفد [illegible] وہاں لوگوں کے جو آپ پر ایمان لا چکے تھے ملاقات کی اور عرفات کی طرف گئے قربانی کی۔ خانہ کعبہ کا طواف کیا بعد ازاں ابراہیمؑ شام کی طرف پلٹ گئے اور تاحیات ہر سال خانہ کعبہ کی زیارت اور حج کو آتے رہے۔

حکم قربانی: خانہ کعبہ بنانے کے بعد ابراہیمؑ کو یہ خواب جو کہ درحقیقت وحی الٰہی تھی، [illegible] ذبح کرنے کا حکم ہوا۔ چنانچہ ابراہیمؑ نے اس کی تعمیل کی اور جنت سے اس کا فدیہ آیا اور وہ ذبح [illegible] کیا جس کا کلام پاک کے [illegible] سے معلوم ہوتا ہے۔ [illegible] نے اس میں اختلاف کیا ہے۔ بعض کا خیال ہے کہ اسمٰعیلؑ ذبیح اللہ تھے اور بعض کا گمان ہے کہ اسحاقؑ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کرنے کا حکم ہوا تھا۔ یہ بات نہ صرف [illegible] بلکہ [illegible] صحابہ مثلاً [illegible] رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اس میں شریک ہیں۔ ابن عباس، ابن [illegible]، الشعبی، مجاہد، حسن، محمد بن کعب القرظی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس کے قائل ہیں [illegible] صلی اللہ علیہ [illegible] [illegible] [illegible] فبشرنٰها باسحٰق ومن وراء اسحٰق يعقوب (۱۱:۷۱) [illegible] اسحاق کے بعد یعقوب کی پیدائش کی خوشخبری [illegible] یعقوب کی بشارت کے [illegible] [illegible] بتایا گیا ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۱۰۱) ''ہم نے بشارت دی ہم نے اس کو ایک حلیم لڑکے کی'' سے دی ہے کیونکہ یہ آیت اصل میں اس دعا کی قبولیت کی خبر دے رہی ہے جو ابراہیم نے بابل سے ہجرت کرنے کے وقت جناب باری میں کی تھی آپ لوگ بخوبی طرح سے سمجھ سکتے ہیں کہ یہ سب ہاجرہ سے پہلے کے ہیں۔ کیونکہ ہجرت کے بعد ہاجرہ مصر میں سارہ کو دی گئیں اور مصر سے واپسی کے دس سال بعد ہاجرہ کو سارہ نے ابراہیم کو دیا۔ اس صورت میں بشارت دینے کے حق اسحاق ہوں گے نہ کہ اسمٰعیل اور وہی ذبیح اللہ ہوں گے بلکہ یہ ملائکہ نے جس وقت کہ وہ ابراہیم کے یہاں مہمان تھے اور وہ قوم لوط کے ہلاک کرنے جا رہے تھے سارہ کو لڑکا پیدا ہونے کی بشارت دی تھی۔ یہ اسی پہلی بشارت کی تجدید ہے جو کہ ہجرت کے وقت ابراہیم کو دی گئی تھی۔ انتھی کلام الطبری (کلام طبری ختم ہوا)۔

حضرت سارہ کی وفات ان واقعات کے بعد ایک سو ستائیس برس کی عمر میں بی بی سارہ کا قریہ جیرون بلاد بنی حیث کنعان میں انتقال ہوا۔ ابراہیم نے عفرون بن صحر سے ایک قطعہ زمین باوجودیکہ وہ بلا دیے پر راضی تھا چار سو مثقال چاندی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] (والصفت ۱۰۷) [illegible]

[illegible] اسحاق کی ولادت کی بشارت دی۔

دے کر رخصت کیا اور اس میں سارہ کو دفن کیا۔ اس کے بعد ابراہیمؑ نے قطورا (یا قطورہ) بنت یقطن کنعانیہ سے عقد کیا۔ حسب روایت توریت اس کے بطن سے چھ لڑکے زمران، یقشان، مدان، مدین، اشباق، سوخ پیدا ہوئے۔ توریت میں لکھا ہے کہ یقشان کے دو لڑکے سبا اور ددان پیدا ہوئے اور ددان سے اشوریم، لطوشیم، لاسیم پیدا ہوئے اور مدین سے پانچ لڑکے عیفا، عفر، حنوخ، ابیداع، الدعاہ وجود میں آئے۔

حضرت ابراہیمؑ کی اولاد: علامہ سہیلی کا یہ خیال ہے کہ ان لڑکوں کے علاوہ ابراہیمؑ کی ایک چوتھی بی بی حجون یا قنطون بنت اہیب تازی سے اور پانچ لڑکے کیسان، فروخ، امیم، لوطان، نافس پیدا ہوئے تھے۔ علامہ طبری نے قطورا کا ذکر کرتے ہوئے یقشان کو ضرور تحریر کیا ہے اور باقی سب ابراہیمؑ کی بی بی حجون کے بطن سے پیدا ہوئے تھے۔ ابراہیم کے لڑکوں کی کل تعداد اس بنا پر تیرہ ہوئی۔ اسمٰعیل جو سب لڑکوں سے بڑے تھے۔ بی بی ہاجرہ سے اور اسحاق بطن سارہ سے اور چھ قطورا سے جیسا کہ توریت میں ہے اور پانچ لڑکے بروایت سہیلی حجون اور بقول طبری دوسرے بطن سے پیدا ہوئے۔

حضرت ابراہیمؑ کی وفات: چونکہ ابراہیمؑ نے اسحاقؑ سے اس امر کا اقرار لے لیا تھا کہ کنعانیوں میں وہ شادی نہ کریں گے۔ اس وجہ سے حران میں جہاں آپ کی قوم کے لوگ تھے اور جہاں آپ کے قبیلہ (قوم) کے لوگ رہتے تھے اسحاق کو لے گئے اور رفقاء بنت بتوئیل بن ناحور بن آزر سے اسحاق کا نکاح کر دیا۔ اسحاق اس وقت چالیس برس کے تھے۔ ابراہیمؑ کی حالت حیات ہی میں یعقوب اور عیصو توام پیدا ہوئے تھے۔ اس کے بعد ایک سو پچھتر برس کی عمر میں ابراہیمؑ کا سرزمین شام میں انتقال ہوا اور سارہ بی بی کے پاس اسی زمین کے قطعہ میں دفن کئے گئے اب اسی مقام کو خلیل کہتے ہیں۔ اللہ جل شانہ نے ان کی نسل کو نبوت اور کتاب سے آخر زمانہ تک سرفراز فرمایا۔

حضرت اسماعیلؑ کی وفات: اسماعیلؑ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ابراہیمؑ کی زندگی میں رہتے تھے اور ان کے بعد انتقال تک مکہ میں رہے

[illegible]

اور انہیں بنی جرہم میں نشو و نما پایا کہ ان کی اور نیز ان عمالقہ کی طرف جو اطراف مکہ میں رہتے تھے اور وہاں یمن کی طرف سے مبعوث ہوئے ان میں سے کچھ لوگ تو ایمان لائے اور بعض بدستور کفر و الحاد ہی کے راستہ پر رہے۔ وقت انتقال جیسا کہ توریت میں مذکور ہے آپ بنی جرہم میں بارہ لڑکے بنابیوت (جس کو عرب نابت یا نابت کہتے ہیں) قیدار، اوربئل، بسام، مشمع، دومہ، مسا، حدار، تیما، یطور، نافیس، قدما چھوڑ گئے۔ ابن اسحاق کی روایت شہادت دیتی ہے کہ اسماعیل کی عمر ایک سو تیس برس کی ہوئی اور اپنی ماں کے پاس حجر اسود کے درمیان میں دفن کئے گئے۔ توریت میں ان کی عمر ایک سو سینتیس سال لکھی ہے اور یہ لکھا ہے کہ ان کی اولاد حویلہ سے شور تک جو مصر کے مقابل اثور کی جانب آباد ہوئی اور اہل توریت کے نزدیک حویلہ سے جنوب مشرق اور شور سے ارض حجاز اور اثور سے بلاد موصل و جزیرہ مراد ہے۔

بنی اسماعیل: اسمعیل کے بعد نابت بن اسمعیل بیت اللہ کا متولی ہوا اور مکہ میں اپنے بھائیوں کے ساتھ مقیم رہا۔ یہاں تک کہ ان کی نسل میں اس درجہ ترقی ہوئی کہ مکہ میں نہ سما سکے اور حجاز کے اطراف و جوانب میں پھیل گئے۔ بطون عمالقہ کی تباہی اکثر علماء کا یہ خیال ہے کہ نابت ابن اسمعیل کی طرف منسوب ہیں۔ اگرچہ بعض نے اس قول سے اختلاف بھی کیا ہے اور یہ ظاہر کیا ہے کہ عدنانی عرب تمام قیدار بن اسماعیل کی اولاد سے ہیں۔ علاوہ ازیں توریت نے سوائے نابت کے اسمعیل کے کسی اور دوسرے بیٹے کی اولاد کا کچھ تذکرہ نہیں کیا۔ مگر علماء کا خیال یہی ہے کہ عدنانی عرب بھی اسمعیل کی تمام اولاد کی نسل سے ہیں اس لحاظ سے اسماعیل تمام عرب کے (جو ان کے بعد قحطانی آئے) مورث اعلیٰ اور جد اکبر ہوئے۔ واللہ اعلم

---

۱ اسماعیل علیہ السلام [illegible]

باب : ۷

حضرت یعقوب علیہ السلام

حضرت یعقوب اور عیصو میں مخاصمت بڑھی۔ حضرت اسحاق فلسطین میں رہے اور وہیں عمر پائی۔ آخر عمر میں آپ نابینا ہو گئے تھے۔ چونکہ آپ نے یعقوب کے لیے دعا و برکت کی تھی۔ اس وجہ سے عیصو برہم ہو کر یعقوب کے قتل کے درپے ہوئے۔ رفقہ بنت بتوئیل نے یعقوب کو اس سے آگاہ کر کے حران چلے جانے کی رائے دی۔ چنانچہ یعقوب رات کو گھر سے نکل کر حران کی طرف روانہ ہوئے۔ شام سے صبح تک سفر کرتے تھے۔ جب صبح ہو جاتی تھی تو چھپ جاتے تھے۔ اسی وجہ سے اللہ جل شانہ نے ان کو اسرائیل کے لقب سے یاد کیا ہے۔ رفتہ رفتہ سفر کرتے ہوئے حران میں اپنے ماموں لابان بن بتوئیل کے پاس پہنچ کر مقیم ہوئے۔ لابان کی بیٹیوں میں سے ایک بڑی لڑکی لیا کا نکاح یعقوب سے کر دیا اور خدمت کے لیے زلفہ کو دیا۔ اس کے بعد چھوٹی لڑکی راحیل کو اپنے بھانجے یعقوب کے نکاح میں دیا اور خدمت میں بلہہ کو دیا۔

حضرت یعقوب کی اولاد: سب سے پہلا بیٹا روبن اس کے بعد شمعون پھر لاوی اس کے بعد یہودا کے بعد دیگرے پیدا ہوئے۔ چونکہ راحیل سے اس وقت تک کوئی اولاد پیدا نہ ہوئی تھی اس وجہ سے اس نے اپنی خادمہ یعقوب کو ہبہ کر دی۔ جس کے بطن سے دان اور نفتالی پیدا ہوئے۔ لیا نے بھی یہ دیکھ کر اپنی زلفہ یعقوب کو دے دی۔ تھوڑے دن بعد اس کے بطن سے جاد و آشر پیدا ہوئے۔ ان کے بعد پھر لیا کے بطن سے یساکر اور زبولون گھر میں آ گئے۔ یعقوب کے ہاں دس بیٹے ہو چکے تھے۔ راحیل نے جناب باری میں اولاد کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کے بطن سے یوسف پیدا ہوئے۔

حضرت یعقوب کی مراجعت کنعان: یعقوب بیس برس تک حران میں رہے۔ اس کے بعد حکم الٰہی کنعان کی طرف روانہ ہوئے۔ اگرچہ لابان (یعقوب کا ماموں) اس ارادے کا مخالف تھا۔ چنانچہ واپس لانے کی غرض سے وہ پیچھے حران سے یعقوب کے ساتھ ساتھ ہو لیا۔ لیکن جب اس نے یعقوب کو واپس ہوتے نہ دیکھا تو چار بیس بکریوں کا ایک گلہ دے کر حران کی طرف واپس ہو گیا اور یعقوب منزل بمنزل کوچ کرتے ہوئے روانہ ہوئے۔ حتی کہ سکم کے شہر کے قریب پہنچے۔ جب ان

[illegible]

[illegible] اس کے بعد یعقوب [illegible]

[illegible] یعقوب کی طرف سے معاف نہ کیا۔

حضرت اسحاق کا انتقال اسی زمانے میں [illegible] یعقوب [illegible] اختیار کر لی۔ [illegible] انتقال کیا [illegible] بیت لحم میں دفن کی گئیں۔ اس کے بعد یعقوب [illegible] اسحاق کے [illegible] کی عمر میں انتقال ہو گیا [illegible]

حضرت یوسف یعقوب اپنے باپ [illegible]

[illegible] حضرت یوسف [illegible]

[illegible]

ورنہ وہ لوگ حسد کی وجہ سے تمہارے ہلاک کرنے کا حیلہ ڈھونڈیں گے"۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد فرمایا۔ ﴿وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ﴾ (یوسف: ۶) "یعنی جیسا کہ اللہ جل شانہ نے تجھ کو اس خواب کے ساتھ برگزیدہ کیا ہے ویسا ہی اللہ تعالیٰ نبوت اور اہم امور کے انتظام کے لئے تجھے منتخب کرے گا اور سکھلائے گا تجھ کو احادیث کی تاویل یعنی خوابوں کی تعبیر اور پوری کرے گا اپنی نعمت کو تجھ پر یعنی دین اور دنیا کی دونوں کو ملا دے گا"۔

یعقوب تو یہ سمجھتے تھے کہ یہ باتیں تنہائی میں ہو رہی ہیں اور یوسف کو منع کر دیا ہے لیکن بعد کو یہ معلوم ہوا کہ یوسف کی سرگزشت سن لیا یا باتیں ان کو معلوم ہو گئی تھیں چنانچہ انہوں نے چپکے سے واپس ہونے کے بعد یوسف کے سوتیلے بھائیوں سے تمام ماجرا بیان کر دیا۔ ان لوگوں نے سن کر کہا "یوسف نے آفتاب سے باپ کو تعبیر کیا ہے اور ماہتاب کو تجھے مراد لیا ہے اور ستاروں سے ہمارے سوا کس کو مراد لے سکتا ہے؟ بڑے افسوس کی بات ہے کہ یہ ابھی سے ہم پر اپنی فضیلت ثابت کرنا چاہتا ہے تعجب ہے کہ ہم سے زیادہ ہمارا باپ یوسف اور اس کے بھائی کو پیار کرتا ہے حالانکہ وہ چھوٹے چھوٹے بچے کسی کام کے نہیں ہیں اور ہم قوی اور تن آور ہیں۔ بے شک ہمارا باپ غلطی میں پڑا ہوا ہے مناسب ہے کہ یوسف کو قتل کر ڈالو یا کسی زمین میں اسے پھینک دو تاکہ باپ سے وہ بالکل علیحدہ ہو جائے اس کے بعد تم سب باپ کے نزدیک محبوب ہو جاؤ گے"۔

یہودا نے جو سب بھائیوں میں عقلمند تھا یہ اقرار کہا "یوسف کو قتل نہ کرو کیونکہ قتل ایک گناہ کبیرہ ہے بہتر ہوگا کہ رات کی تاریکی میں اسے کنوئیں میں لے جا کر ڈال دو۔ راہگیر اسے نکال کر لے جائیں گے"۔ سب نے اس رائے کو پسند کیا اور آپس میں معاہدہ کر کے دسوں بھائی حضرت یعقوب کے پاس گئے اور کہنے لگے ﴿يَا أَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلَىٰ يُوسُفَ وَإِنَّا لَهُ لَنَاصِحُونَ﴾ (یوسف: ۱۱) "اے باپ ہمارے تجھ کو کیا ہو گیا ہے کہ یوسف پر ہمارا اعتبار نہیں کرتا حالانکہ ہم اس کے خیرخواہ ہیں"۔ ﴿أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ﴾ (یوسف: ۱۲) "یوسف کو ہمارے ساتھ صحرا کی طرف بھیج دے چرائے گا اور کھیلے گا اور ہم اس کے نگہبان رہیں گے"۔

حضرت یعقوب ان کی چال کیا سمجھ کر بولے ﴿إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَن تَذْهَبُوا بِهِ وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ﴾ (یوسف: ۱۳) "مجھ کو یہ خیال رنجیدہ کر رہا ہے کہ تم اس کو لے جاؤ اور مجھ کو خوف ہے کہ کہیں تمہاری غفلت سے اس کو بھیڑیا کھا جائے"۔ یعقوب نے یہ جواب اس وجہ سے دیا تھا کہ آپ نے خواب میں دیکھا تھا کہ گویا یوسف ایک پہاڑ کی چوٹی پر ہیں اور ان کو دس بھیڑیوں نے گھیر لیا ہے اور قریب ہے اسے کھا جانا چاہتے ہیں بعض وحشی حملہ میں سے ایک بھیڑیے نے یوسف کی حمایت کی اور کا یکا یک زمین شق ہو گئی اور یوسف اس میں جا کے پھر تین دن کے بعد اس زمین سے نکلے۔

یوسف کے بھائیوں نے جس وقت اپنے باپ کو یہ جواب مذکورہ دیتے سنا ایک زبان ہو کر بول اٹھے یہ عجیب بات ہے کہ یوسف کو بھیڑیا کھا جائے اور ہم قوی اور توانا ہوں اگر ایسا پیش آ جائے تو ہم سے بڑھ کر اور کون بے غیرت ہو سکتا ہے۔ یعقوب کو اس جواب سے کسی قدر اطمینان ہوا اور یوسف نے بھی بھائیوں کے ساتھ جانے پر اصرار کیا۔ ناچار یعقوب نے اجازت دے دی۔ چنانچہ یوسف بڑے شوق سے بھائیوں کے ساتھ جنگل کو تشریف لے گئے۔

جس وقت یہ دسوں بھائی یوسف کو ہمراہ لئے ہوئے ایک سنسان میدان میں پہنچے۔ سب نے آنکھیں چرانا چاہا

کر مارنا شروع کر دیا۔ جب ایک ان میں سے آپ پر حملہ کرتا تھا تو دوسرے سے پناہ مانگتے تھے اور جب وہ بھی مارنا شروع کرتا تھا تو تیسرے سے پناہ مانگتے تھے۔ یہاں تک کہ آپ کو قریب المرگ کر دیا۔ اس وقت یہودا نے کہا "تم نے تو عہد کیا تھا کہ ہم کسی کو تکلیف نہ دیں گے اور نہ ماریں گے اب یہ کیا کر رہے ہو بے حیائی کی حرکت۔ باز آؤ"۔ سب نے مارنے سے ہاتھ روک لیا اور کنوئیں پر لے جا کر آپ کی قمیص اتاری بازو باندھے۔ یوسف نے کہا: اخوتاہ ردوا علی قمیصی اتواری به في الجب "اے بھائیو میری قمیص مجھ کو دے دو تاکہ اس کنوئیں میں میں چھپا رہوں"۔ بھائیوں نے کہا کہ آفتاب و ماہتاب اور گیارہ ستاروں کو بلاؤ جو تجھ کو چھپا لیں گے"۔

یوسف نے کہا بھائی میں نے تو خواب دیکھا تھا مجھ کو معاف کرو لیکن انھوں نے ایک بھی نہ سنی اور کنوئیں میں رسی سے باندھ کر لٹکا دیا۔ جتنا جتنا اتارا جب نصف کے قریب رہ گیا تو رسی چھوڑ دی۔ قدرت الٰہی سے ایک ٹکڑا پتھر کا پانی کے اوپر نکلا ہوا تھا جس پر یوسف پہنچ کر ٹھہر گئے اور یہی سبب ان کی جان بچنے کا ہوا۔

پھر بھائیوں کو یہ خیال پیدا ہوا کہ چونکہ یوسف کو کنوئیں میں گرانے سے پہلے ہم مار چکے تھے اور اب تو اس کی روح ضرور فنا ہو گئی ہو گی اور اس خیال کی تصدیق کے لئے یوسف کو پکارا۔ یوسف نے یہ سمجھ کر کہ شاید اب بھائیوں کو میرے حال پر رحم آ گیا ہے مجھ کو اس تکلیف سے نجات دیں گے اور کنوئیں سے نکال لیں گے جواب دیا۔ تب پھر ان بھائیوں نے پھر مارنے کا ارادہ کیا۔ لیکن یہودا نے انھیں اس فعل سے روکا اور ایک ملامت کے بعد سب کے سب واپس ہوئے۔

ادھر تو برادران یوسف اپنے گھروں کی طرف واپس ہوئے اور ادھر جناب باری نے یوسف پر وحی نازل فرمائی "کہ ایک دن وہ بھی آئے گا کہ تو ان کو ان کے افعال کی خبر دے گا اور تیرا ایسا مرتبہ ہو جائے گا کہ تجھے نہ جانیں گے کہ تو یوسف ہے"۔ یوسف کے بھائی بکریوں کے گلہ کے پاس آئے اور ایک بکری ذبح کر کے اس کے خون سے یوسف کے پیراہن کو رنگا اور قریب عشاء کے وقت روتے ہوئے یعقوب کے پاس آئے اور کہنے لگے: ﴿یابانا انا ذهبنا نستبق و ترکنا یوسف عند متاعنا فاکله الذئب وما انت بمؤمن لنا ولو کنا صدقین﴾ (یوسف ۱۷) "اے ہمارے باپ ہم آگے بڑھ گئے اور یوسف کو کپڑوں کے پاس چھوڑ گئے بھیڑیے نے اس کو کھا لیا ہم ہر چند سچ کہیں گے لیکن تم کو یقین نہ ہو گا"۔

یعقوب کو یہ سن کر سکتہ سا ہو گیا تھوڑی دیر کے بعد اپنے شکستہ دل کو سنبھال کر فرمایا "یہ ایسا واقعہ نہیں ہوا بلکہ تم نے یہ کام اپنی طبیعت سے کیا ہے میں صبر کرتا ہوں صبر کا درجہ بڑا ہوتا ہے اچھا لاؤ اس کی قمیص مجھ کو دکھاؤ"۔ یوسف کے بھائیوں نے جس وقت قمیص دکھائی یعقوب غور سے دیکھ کر بولے: تاللہ ما رایت ذئبا احلم من هذا اکل ابنی ولم یشق قمیصه "خدا کی قسم میں نے اس بھیڑیے سا کسی کو حلیم نہیں دیکھا کہ اس نے میرے لڑکے کو تو کھا لیا اور اس کی قمیص کو نہ پھاڑا" اور چیخ مار کر بے ہوش ہو کر گر پڑے تھوڑی دیر کے بعد ہوش آیا تو بہت روئے اور قمیص کو بار بار اٹھا کر دیکھتے تھے اور آنکھوں سے لگا کر روتے تھے۔

تین روز تک یوسف کنوئیں میں رہے اس اثناء میں ایک فرشتہ نے آ کر بازو کھول دیئے۔ چوتھے روز عرب کا ایک قافلہ مصر جا رہا تھا وہ اتفاقاً اس کنوئیں کے قریب پہنچ کر ٹھہرا اور دو شخصوں کو بھیجا جن میں سے ایک کا نام مالک بن ذعر اور دوسرے

کا نام بشریٰ تھا۔ پانی پینے کو بھیجا، مالک بن ذعر نے پانی کھینچنے کی غرض سے کنویں میں ڈول ڈالا۔ یوسف اس کے ڈول کی رسی کو پکڑ کر کنویں سے باہر نکل آئے۔ جس وقت مالک بن ذعر کی آنکھ یوسف پر پڑی پہلے پہل جھجکا لیکن پھر سنبھل کر چلا اٹھا ﴿یٰبُشْرٰی هٰذَا غُلٰمٌ﴾ (یوسف ۱۹) ”اے بشریٰ یہ تو ایک لڑکا ہے“۔

علماء و مورخین نے بشریٰ میں اختلاف کیا ہے بعض کا تو یہ خیال ہے کہ بشریٰ مالک بن ذعر کے ساتھی کا نام تھا جیسا کہ ابھی ہم نے بیان کیا ہے اور اکثر یہ فرماتے ہیں کہ بشریٰ سے مقصود کوئی شخص معین نہیں ہے اور نہ مالک ابن ذعر کے ساتھی کا نام بشریٰ تھا۔ آیت کریمہ میں بشریٰ کے معنی بشارت یعنی خوشخبری کے ہیں۔ واللہ اعلم

الغرض مالک اور بشریٰ یوسف کو امیر قافلہ کے پاس لے آئے قافلہ والے دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ وہ ابھی یہیں بیٹھے ہوئے باتیں کر رہے تھے کہ اسی اثناء میں یہودا پہنچے اور یوسف کو امیر قافلہ کے پاس دیکھ کر اپنے بھائیوں کو اس کی خبر سے آگاہ کیا۔ چنانچہ دسوں بھائی امیر قافلہ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ”یہ تو ہمارا غلام ہے جسے تم لوگوں نے پکڑ پایا۔ وہ چار روز ہوئے کہ بھاگ آیا ہے“۔ یوسف ڈر کے مارے کچھ نہ بولے اور ان لوگوں نے امیر قافلہ کے ہاتھ ان کو بیس یا بائیس یا چالیس درہم کے عوض فروخت کر دیا اور درہم لے کر گھر کے چلتے پھرتے نظر آئے۔

یوسف قافلہ کے ساتھ ساتھ مصر پہنچے۔ مالک بن ذعر بن یوبب بن عفقان بن مدین جس نے آپ کو آپ کے بھائیوں سے خریدا تھا۔ نہلا دھلا کر اچھے کپڑے پہنا کر فروخت کرنے کی غرض سے بازار میں پیش کیا۔ اطفیر بن روحیب یا قطفیر نے جو فرعون مصر کا وزیر اور عزیز مصر کے لقب سے مشہور تھا خرید لیا اور اپنے مکان پر لا کر اپنی بی بی زلیخا یا راعیل سے کہا ﴿اَکْرِمِیْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤی اَنْ یَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا﴾ (یوسف ۲۱) ”اس کو آرام و عزت سے رکھو عجب نہیں کہ آئندہ ہمیں نفع دے یا ہم اسے اپنا لڑکا بنا لیں“۔

ان دنوں مصر کی زمام حکومت عمالقہ کے خاندان میں تھی۔ ریان بن ولید بن دومع مصر کا فرعون تھا۔ علامہ سہیلی کا بیان ہے کہ یہ فرعون مصر یوسف پر جب کہ انہیں نبوت عطا ہوئی تھی ایمان لایا تھا اور آپ کی حالت حیات میں انتقال بھی کر گیا اور اس کے بعد قابوس بن مصعب مصر کا فرعون ہوا اور یہ باوجود دعوت ایمان یوسف پر ایمان نہ لایا۔ بعض لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ قابوس ہی موسیٰ کے زمانہ میں فرعون مصر تھا اور اس کی چار سو برس کی عمر ہوئی تھی۔ اس دلیل سے کہ اللہ جل شانہ نے فرمایا ہے ﴿وَلَقَدْ جَآءَکُمْ یُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَیِّنٰتِ﴾ (المؤمن ۳۴) ”اور بے شک اس سے پہلے تمہارے پاس یوسف دلائل لے کر آئے“۔ اس بنا پر اگر یوسف اور موسیٰ کا فرعون ایک نہ ہوگا تو اس آیت کے معنی درست نہ ہوں گے۔ میرے نزدیک ان کا یہ خیال ان کی نافہمی پر دلالت کرتا ہے کیونکہ قرآن پاک میں اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ اللہ جل شانہ نے اولادوں کو آباؤ اجداد کے حال سے مخاطب کیا ہے۔ واللہ اعلم

یوسف جس وقت سن شباب کو پہنچے اور ابھی آپ کی عمر تیس برس سے زیادہ نہ ہوئی تھی اور علم و حکمت و نبوت سے سرفراز کئے گئے تھے کہ زلیخا آپ پر مائل ہو گئیں اور ایک دن خلوت میں بلا کر اپنا خیال ظاہر کیا۔ یوسف نے فرمایا ﴿قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّیْ﴾ (یوسف ۲۳) ”خدا سے پناہ مانگتا ہوں بے شک وہ تیرا شوہر میرا مربی ہے“۔ ﴿اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ﴾ (یوسف ۲۳) ”بے شک اللہ ظالموں کو یعنی خیانت کرنے والوں کو فلاح نہیں دیتا“۔ زلیخا نے چوکھٹ دروازے

جمشید: علماء فارس کہتے ہیں کہ طہمورث کے بعد جمشید[2] تخت نشین ہوا اس کے معنی ہیں شعاع یا شعاع شمس۔ یہ طہمورث کا حقیقی بھائی تھا یہ بھی ہفت اقلیم کا بادشاہ تھا اور نہایت نیک سیرت اور صاحب تھا اور پھر کچھ عرصہ بعد ظالم اور جابر ہو گیا اس کی موت سے ایک برس پہلے بیوراسپ نے اس پر خروج کیا اور گرفتار کر کے آرہ سے چیر ڈالا اور بعض یہ کہتے ہیں کہ جمشید نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا۔ اسی وجہ سے اس پر پہلے اس کے بھائی اسفیدور نے خروج کیا لیکن ناکام رہا۔ تب بیوراسپ اٹھا اور اس نے جمشید کی حکومت کا قلع قمع کر دیا اور سات سو برس تک حکومت کرتا رہا۔ ابن کلبی نے بھی ایسا ہی لکھا ہے۔

ضحاک: طبری لکھتا ہے کہ بیوراسپ[3] ہی کو ازدہاک کہتے ہیں جس کو عرب ضحاک کے نام سے موسوم کرتے ہیں یہ وہی شخص ہے جس کا ذکر ابونواس شاعر نے اس شعر میں کیا ہے:

وكان منا الضحاك تعبده الخابل والجن في محاربها

اور پھر طبری یہ روایت کرتا ہے کہ مجوس کا یہ خیال ہے کہ جمشید نے اپنی بہن کا عقد اپنے خاندان میں سے کسی کے ساتھ کر دیا تھا اور اسے یمن کا حاکم مقرر کیا تھا۔ اسی سے ضحاک پیدا ہوا چنانچہ اہل یمن ضحاک کا نسب یوں بیان کرتے ہیں۔ ضحاک بن علوان بن عبید بن عویج اس نے اپنے بھائی سنان بن علوان کو مصر کا بادشاہ کر کے بھیجا تھا جو ابراہیم علیہ السلام کا فرعون تھا اور اہل فارس ضحاک کا نسب اس طرح لکھتے ہیں " بیوراسپ (ضحاک) بن ارونداسپ بن رینکاور بن ویدشتک بن فارس بن افرواک" اور بعض اس کی ماں کا نام ودک بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس نے ہفت اقلیم پر بادشاہت کی یہ ساحر اور کافر تھا۔ اس نے اپنے باپ کو مار ڈالا اور یہ اکثر بابل میں رہتا تھا۔ ہشام کی روایت ہے کہ ضحاک جمشید کے بعد بادشاہ ہوا تھا یہی ابراہیم علیہ السلام کا نمرود ہے اور اہل فارس کا قول ہے کہ اسی بادشاہ کے زمانہ میں پیدا ہوا تھا۔

---

[1] طہمورث نہایت نیک مزاج تھا اس نے پہلے دیو کو [illegible] کہتے ہیں [illegible] پانچ سو برس حکومت کی۔

[2] جمشید نے بڑا [illegible] تھا اور جب [illegible] نوروز [illegible] ٹھہرایا۔

[3] بیوراسپ جمشید کا ماموں تھا اس نے اپنے عہد حکومت میں [illegible] برس حکومت کی اس کے زمانہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے۔ یہ اور نمرود اسی کا عامل تھا۔

[4] ضحاک [illegible] مترجم۔

افریدون: ضحاک نہایت مستعد اور بہادر تھا جب اس نے ہند پر فوج کشی کی اور خودسرائی پر کمر کسی تو افریدون نے زمانہ عدم موجودگی میں اس کے ملک پر قبضہ کر لیا اور واپسی کے وقت ضحاک اور افریدون میں لڑائی ہوئی ضحاک کا ادبار آ گیا تھا وہ اس لڑائی میں افریدون کے ہاتھ گرفتار ہو کر جبال دماوند میں قید کر دیا گیا اور اس کی گرفتاری اور اسی پر مہرجان کے دن کو عید کا دن مقرر کیا۔ لیکن اہل فارس یہ بیان کرتے ہیں کہ شاہی خاندان جس میں حکومت چلی آ رہی تھی وہ اوشہنگ اور جمشید کا تھا اور ضحاک یمنی عرب غاصب نے ان پر خروج کیا اور فتح یاب ہوا۔ اس نے بابل آباد کیا، نبطیوں سے اپنی فوج تیار کی اور تمام عالم پر بزور جادو غالب آیا۔

ضحاک کا قتل: اصفہان کا ایک شخص کاوہ (کاوی حداد) ضحاک کی مخالفت پر اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کے ہاتھ میں ایک نیزہ تھا جس پر اس نے چرم رکھ کر جھنڈا[1] بنایا اور لوگوں کو ضحاک کے خلاف ابھار کر اس سے لڑا جب ضحاک میدان جنگ سے بھاگا اس کی رائے سے بنی جمشید میں سے افریدون کو تخت نشین کیا۔ افریدون نے تخت پر بیٹھتے ہی ضحاک کا تعاقب کیا اور اسے گرفتار کر کے قتل کر ڈالا افریدون زمانہ نوح علیہ السلام میں تھا شاید اسی سبب سے کہا جاتا ہے کہ افریدون ہی نوح علیہ السلام تھے۔ لیکن تحقیق یہ ہے کہ ہشام بن کلبی نے فارس کے اہل انساب سے نقل کیا ہے کہ افریدون جمشید کی اولاد میں سے تھا ان دونوں میں نو پشتوں کا فرق ہے اس نے دو سو برس سلطنت کی اور ضحاک کی تمام ظلم کی اور غصب کی ہوئی چیزیں ان کے مالکوں کو واپس کر دیں۔

سلطنت کی تقسیم: افریدون نے حالت حیات ہی میں ملک کو اپنے تین لڑکوں میں تقسیم کر دیا تھا۔ بڑے بیٹے سرم (سلم) کو روم، شام، مغرب دیا۔ طوج (تور) کو ترک اور چین دیا۔ ایرج کو عراق، ہند، حجاز دیا۔ افریدون کے مرنے کے بعد سرم (سلم) اور طوج (تور) نے مل کر ایرج کو لڑ کر مار ڈالا اور اس کے ملک کو آپس میں تقسیم کر لیا۔ اہل فارس یہ خیال کرتے ہیں کہ افریدون اور اس کی اولاد کی دس پشتیں اطفیان کے لقب سے یاد کئے جاتے تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایرج کے دو بیٹے وندان اور اسطوبہ اور ایک لڑکی خورک تابی تھی جو افریدون کے مرنے کے بعد اپنے باپ ایرج کے ساتھ مارے گئے۔

افریدون کا لقب "کے": اس روایت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ افریدون نے پانچ سو برس حکومت کی اور اسی نے شہروں اور دیہات کے آثار مرسوم سے بچ گئے اور ابتداً اسی نے اپنے کو (کے) سے ملقب کیا اور کے افریدون کے نام سے مشہور ہوا۔ (کے) کے معنی ہیں تنزیہ (یعنی تقدس و متصل روحانیت سے) اور بعضوں نے اس کے معنی اور بھی بہت کچھ بیان کئے ہیں۔

منوچہر اور افراسیاب: چند دنوں بعد منوچہر (منوچہر بن منشخر بن ایرج) نے زور پکڑا۔ یہ افریدون کی نسل سے تھا اس کی ماں اسحاق علیہ السلام کی اولاد سے تھی۔ یہ سن شعور کو پہنچ کر اپنے چچاؤں سے لڑا اور انہیں مار کر بادشاہ بن بیٹھا اور بابل کو اپنا دار الحکومت بنایا فارس کو دین ابراہیم کی طرف مائل کیا۔ پھر افراسیاب بادشاہ ترک نے اس پر چڑھائی کی اور بابل ان سے چھین لیا اور طبرستان تک اس کا تعاقب کرتا چلا آیا۔ جب طبرستان بھی منوچہر (منوچہر) کے ہاتھ سے نکل گیا تو طبرستان چھوڑ کر عراق کی طرف چلا گیا اور افراسیاب نے طبرستان پر بھی قبضہ کر لیا۔ افراسیاب کی نسبت یہ کہا جاتا ہے کہ یہ طوج (تور) بن افریدون کی نسل سے ہے جس وقت منوچہر نے طوج (تور) کو قتل کیا اور اس کے خاندان پر تباہی آئی اس وقت یہ چھپ

---

[1] اس جھنڈے کو درفش کاویان کہتے ہیں اہل فارس اس کی بہت تعظیم کرتے تھے۔ جنگ قادسیہ میں یہ جھنڈا مسلمانوں نے چھین لیا تھا۔

کر کے ترکستان میں چلا گیا [illegible] پایا اور آتش کے [illegible] سے نکلا۔ اسی وجہ سے افراسیاب اس کی طرف منسوب کیا جاتا ہے [illegible] کہ جب منوچہر [illegible] فوت ہو گیا تو افراسیاب [illegible] ترکستان [illegible] پر قبضہ کر لیا اور مملکت فارس کو تہ و بالا کر دیا۔

زو کا خروج [illegible] زو بن طہماسپ [illegible] روایت [illegible] طہماسپ [illegible] افراسیاب [illegible] منسوب کیا جاتا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ طہماسپ اپنے باپ سے [illegible] ترکستان میں چلا گیا [illegible] زو [illegible] افراسیاب کی [illegible] فارس سے نکال دیا۔ افراسیاب ترکستان چلا گیا۔

زو کی بادشاہت زو نے [illegible] منوچہر کے مرنے کے بعد [illegible] حالات [illegible] طرح طرح کے [illegible]

[illegible]

گرشاسپ [illegible] فریدون کی اولاد سے [illegible] کتاب [illegible] نظام الملک [illegible] بادشاہ [illegible] زو [illegible] حکومت [illegible] کیا تھا۔ اس کے مرنے کے بعد [illegible] حکومت کا سلسلہ [illegible] بیان کیا جاتا ہے کہ [illegible] حکومت [illegible] واللہ وارث الارض ومن علیہا

[illegible]

شجرۂ ملوک طبقہ اولیٰ فارس


کیومرث
ازرواں
ریکاں
ویداجک
ازرجب
طہمورث
جمشید
فارسین
بیوراسپ
افریدون
سلم
ایرج
طوج
منشخر
زوشب
ارشاسپ
منوچہر
طہماسب
گرشاسپ

۱ اہل فارس کے نزدیک یہی آدم علیہ السلام ہیں۔
۲ بیوراسپ کو ضحاک کہتے ہیں جس نے جمشید پر حملہ کیا تھا۔
۳ سب سے پہلا فریدون کے لقب سے ملقب ہوا۔
۴ راسب کو زومر بھی کہتے ہیں۔
۵ بعضوں نے اسے ملوک فارس سے شمار کرکے اسی پر طبقہ پیشدادیہ کو ختم کیا ہے لیکن درحقیقت یہ بادشاہ نہ تھا جیسا کہ ہر مورخ نے بیان کیا ہے۔

طبقہ ثانیہ ملوکِ فارس

کیقباد: ملوکِ فارس کا دوسرا طبقہ کیانیہ کے نام سے مشہور ہے۔ ان کے ہر بادشاہ کا نام "کے" کی طرف مضاف کیا جاتا ہے۔ ان کا پہلا بادشاہ کیقباد ہے جو منوچہر سے چار پشتوں کے واسطے سے منسوب ہوتا ہے۔ اس نے رود ماوراء ترک میں اپنی شادی کی جس سے اس کے پانچ لڑکے پیدا ہوئے کے افنیہ، کیکاؤس، کے ارش، کے بیہ، کے فاشین۔ طبری کہتا ہے کہ ملوکِ کیانیہ اور ترک میں اکثر لڑائیاں ہوتی رہیں۔ ان کا پہلا بادشاہ کیقباد نہر بلخ کے قریب سے ترکوں کو ہٹاتا تھا۔ اس نے ترک کو زمین فارس پر آ[1] نے سے روکا سو برس حکومت کی۔

کیکاؤس: اس کے بعد کیکاؤس تخت پر بادشاہ ہوا۔ اس کے اور افراسیاب بادشاہ ترک سے بہت سی لڑائیاں ہوئیں۔ جس میں اس کا لڑکا سیاوخش مارا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ داؤد علیہ السلام کے زمانے میں تھا اور عمرو ذوالاذعار بادشاہ حمیر سے لڑنے کے لئے اس کے ملک گیا۔ جب عمرو ذوالاذعار نے اسے گرفتار کر لیا تو اس کا وزیر رستم بن دستان لشکر فارس لے کر یمن پر چڑھ گیا اور عمرو ذوالاذعار کو قتل کر کے کیکاؤس کو چھڑا لایا۔ طبری کی تحریر یہ شہادت دیتی ہے کہ کیکاؤس نہایت عظیم الشان بادشاہ تھا۔ اس نے اپنے لڑکے سیاوخش (سیاوش) کو تعلیم و تربیت کے لئے رستم بن دستان کے سپرد کیا۔ رستم سجستان میں اس کا نائب تھا۔ اس نے سیاوخش کو گھوڑے کی سواری سکھائی اور لڑائی کی تعلیم دی۔ جب اس کی تعلیم و تربیت پوری ہو چکی تو باپ کے سامنے لایا اور دستان میں چلا آیا۔

سیاوخش بن کیکاؤس کا قتل: کیکاؤس کی بیوی آبرخ نامی دختر افراسیاب بادشاہ ترک اس پر عاشق ہو گئی۔ جب سیاوخش نے اس سے انکار کیا تو آبرخ نے کیکاؤس سے سیاوخش کی چغلی کر دی۔ کیکاؤس نے اپنے ہاتھ سے بیٹے کا قتل نامناسب خیال کر کے تھوڑی سی فوج دے کر افراسیاب سے لڑنے کے لئے بھیج دیا تاکہ اس کے ہاتھ سے مارا جائے مگر لڑائی نہ ہوئی صلح ہو گئی۔ کیکاؤس نے یہ خبر پا کر لڑنے کے لئے لکھا۔ سیاوخش بدعہدی کو برا سمجھ کر باپ کے خوف سے افراسیاب کے پاس چلا گیا۔ اس نے اپنی بیٹی سے اس کا بیاہ کر دیا۔ جب اسے حمل ٹھہر گیا تو اس نے جان کے خوف یا ملک کی تقسیم سے اپنی بیٹی کے ذریعہ سیاوخش کو قتل کروا ڈالا اور بیٹی کا حمل گرانا چاہا لیکن نہ کر سکا[2] اس کے بطن سے خسرو پیدا ہوا۔ کیکاؤس نے یہ سن کر اپنی بہو اور پوتے کو چھپا کر منگوا لیا۔

کیکاؤس کی فوج کشی و گرفتاری: بعض یہ کہتے ہیں کہ جب کیکاؤس کو اپنے بیٹے کے مارے جانے کی خبر ہوئی تو اس

---

[1] اس کے زمانہ میں حزقیل، الیاس اور شمویل پیغمبر تھے۔ اس نے ایک سو بیس برس کی عمر پائی۔

[2] بعض مورخ لکھتے ہیں کہ جب حمل گرانے سے عاجز آ گیا تو اس نے اپنی بیٹی کو اپنے ایک امیر کے سپرد کیا تاکہ جب بچہ پیدا ہو قتل کر ڈالے۔

نے کاؤس [illegible] کے ساتھ [illegible] سیاوش کو خوب پالا [illegible] افراسیاب [illegible] کیا۔ [illegible] تخت پر چڑھا یا گیا [illegible] اور [illegible] کیکاؤس کی سلطنت [illegible] ایک تحریر [illegible]

کیکاؤس کی معزولی اس کے بعد [illegible] رستم [illegible] کیکاؤس [illegible] سلطنت [illegible] انجام کار رستم نے [illegible] کے واسطے [illegible] رستم [illegible] کیخسرو کو تمام قوتیں [illegible] اطاعت [illegible] بیٹھنے کے [illegible] ایک تخت [illegible] اپنے تخت کے [illegible] حکومت [illegible]

کیخسرو بن سیاوش کیکاؤس کے بعد [illegible] کیخسرو بن سیاوش تخت [illegible] بادشاہوں کے [illegible] حکومت [illegible] کیکاؤس [illegible] کیخسرو بن سیاوش تخت نشین [illegible] افراسیاب [illegible] سیاوش [illegible]

افراسیاب کا قتل [illegible] کیکاؤس [illegible] کیخسرو [illegible] تخت [illegible] باپ کے خون کا بدلہ لینے کی غرض سے افراسیاب سے جنگ کرنے کے لئے روانہ ہوا۔ افراسیاب نے لشکر [illegible] کیخسرو [illegible] افراسیاب [illegible] شکست ہوئی [illegible] کیخسرو [illegible] کیکاؤس [illegible] افراسیاب نے [illegible] افراسیاب [illegible] شاہنامہ [illegible] لہراسپ [illegible] افراسیاب [illegible]

کیہ لہراسپ ان واقعات کے بعد [illegible] کیخسرو [illegible] لہراسپ [illegible] تخت پر [illegible]

[illegible]

ساٹھ برس حکمرانی کر کے غائب ہو گیا اور اس کی جگہ کیبر اسف (بہراسف) تخت پر بیٹھا اس کے ابتدائی زمانہ حکومت میں ترکوں کا رعب اس درجہ بڑھا کہ اس نے ان سے لڑنے کے لئے اپنا دارالسلطنت چھوڑ دیا اور ترکستان کے کنارے شہر بلخ میں سکونت اختیار کر لی اور اکثر اوقات انہی لڑائیوں میں مصروف رہتا تھا۔ اس کے عہد حکومت میں بختری معروف بہ بخت نصر عراق اہواز روم پر اس کا گورنر تھا۔

کیبر اسف کی فتوحات: کیبر اسف نے بخت نصر کی حکومت کا دائرہ کسی قدر وسیع کر کے سرحدی ممالک فتح کرنے کی اجازت دے دی اور خود طرف فارس اور بخت نصر بادشاہ موصل و سنجاریب کے ہمراہ شام کی طرف بڑھا اور بیت المقدس فتح کر لیا۔ یہود پر غالب آیا اور انہیں منتشر و پریشان کیا۔ یہ بخت نصر وہی ہے جو عرب سے لڑا تھا اور ایک مدت تک انہیں پریشان کرتا رہا تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ اہمن کے عہد حکومت میں تھا جو کیہاسب (کیہاشب) بن کیبر اسف (بہراسف) کا پوتا ہے۔

معد بن عدنان: ہشام ابن محمد کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ جل شانہ نے ارمیا نبی علیہ السلام کو وحی کے ذریعہ سے مطلع کیا تھا کہ بخت نصر بڑا ظالم ہو گا۔ اس وجہ سے اہل عرب کو متنبہ کر دو جن کے گھروں میں دروازے نہیں ہیں اور انہیں ان کی خانہ بربادی کی خبر دے دو اور یہ جتلا دو کہ یہ سب تمہارے کفر و عصیاں کی وجہ سے ہونے والا ہے۔ ابن اسحاق کی کتاب میں لکھا ہے کہ یہ وحی برمیا بن خلقیا کی طرف آئی تھی جن کا ذکر اس سے پہلے ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا تھا کہ گروہ عرب سے معد بن عدنان کو نکال لائیں اور حکم الٰہی پورا ہونے تک ان کی حفاظت کریں۔ انتہی۔ ہشام کہتا ہے کہ بخت نصر نے بلاد عرب پر حملہ کیا اور انہیں رسد وغیرہ دینے پر مجبور کیا۔ چنانچہ عرب نے اسے تسلیم کر لیا اور اس نے انہیں انبار اور حیرہ میں ٹھہرایا۔ ہشام کے علاوہ اور مورخین لکھتے ہیں کہ بخت نصر نے عرب سے مقام جزیرہ و ایلہ ایلہ کے درمیان لڑائی کی اور وہاں میدان کو سواروں اور پیادوں سے بھر دیا۔ بنی عدنان نے پہلے اس کا مقابلہ کیا۔ اس نے انہیں مقام حضور تک نہایت نقصان کے ساتھ پسپا کر دیا۔

معد بن عدنان اور بنی اسرائیل: جب اللہ تعالیٰ نے ارمیا اور برخیا علیہما السلام پر وحی نازل فرمائی کہ معد بن عدنان کو جس کی اولاد میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہونے والے ہیں عرب کے گروہ سے نکال لائیں۔ معد بن عدنان اس وقت بارہ برس کے تھے۔ برخیا انہیں اپنے ساتھ براق پر بٹھا کر لے آئے۔ چنانچہ انہوں نے انبیاء بنی اسرائیل میں پرورش پائی اور بخت نصر لوٹ کر بابل آ گیا اور قیدیان عرب کو انبار میں ٹھہرا دیا۔ جب بخت نصر مر گیا تو معد ابن عدنان انبیاء بنی اسرائیل کے ساتھ حج کعبہ کو آئے اور وہیں اپنی قوم میں رہ گئے۔ معانہ بنت الحارث ابن مضاض جرہمی سے بیاہ کر لیا جس سے نزار ابن معد پیدا ہوئے۔

کیہاسب: کیبر اسف نہایت نیک سیرت تھا۔ ملوک مشرق اور مغرب اسے نذرانے بھیجتے تھے۔ اس نے اپنی حالت حیات میں ترک دنیا کر کے اپنی جگہ کیہاسب (کیہاشب) اپنے لڑکے کو تخت پر بٹھا دیا۔ کیہاسب نے بھی اپنی عمر کا زیادہ حصہ ترکوں کی لڑائی میں صرف کیا اور ان کی عداوت اور سرکشی فرو کرنے کی غرض سے اپنے لڑکے اسفندیار کو میدان جنگ میں بھیج دیا۔ جیسا کہ آئندہ بیان کیا جائے گا۔

زردشت (زرتشت): اس کے زمانہ حکومت میں زراتشت (زرتشت) حکیم ظاہر ہوا۔ جس کی نبوت پر مجوسی ایمان لائے ہوئے تھے۔ بعض اہل کتاب کا یہ بیان ہے کہ یہ اہل فلسطین سے ہے اور یرمیاہ نبی کی خدمت میں رہتا تھا اور انہی سے بڑا مقرب تھا پھر ان سے خیانت کی تو ان کی بد دعا سے مجذوم ہو گیا اور ان سے علیحدہ ہو کر آذربائیجان چلا گیا۔ دین مجوسیت کی بنا ڈالی اور گشتاسپ کو اپنی طرف مائل کر لیا۔ اس نے لوگوں کو دین مجوسی اختیار کرنے پر مجبور کیا اور اس کے مخالفین کے قتل کرنے کا حکم دیا۔ علماء فارس کہتے ہیں کہ زردشت شاہ منوچہر کی نسل سے ہے اور انبیاء بنی اسرائیل میں سے کسی نبی نے اسے گشتاسپ کی طرف مبعوث کیا تھا۔ جس وقت وہ بلخ میں تھا۔ زردشت اور جاماسپ عالم دونوں آذربائیجانی [illegible] سے تھے دونوں زبان فارسی [illegible] ترجمہ کیا کرتے تھے [illegible] عبرانی میں لکھا تھا۔ جاماسپ عالم زبان عبرانی جانتا تھا اور زردشت کو ترجمہ کر کے بتاتا تھا یہ واقعہ ۳۰ جلوس گشتاسپ کا ہے۔

اوستا: علماء فارس کہتے ہیں کہ زردشت ایک کتاب لایا تھا جس کے [illegible] ہونے کا دعویٰ [illegible] یہ کتاب بارہ جلدوں میں تھی اور ان کے پاس [illegible] ہونے کا دعویٰ تھا۔ گشتاسپ نے اس کتاب کو اصطخر کے [illegible] میں رکھا اور [illegible] مقرر کئے۔ عام لوگوں کو اس کی تعلیم کی ممانعت کر دی۔ مسعودی کہتا ہے کہ اس کتاب کا نام ابستا تھا۔ پھر اس کی تفسیر کی اور اس تفسیر کی [illegible] کے نام سے موسوم کیا۔ یہی لفظ بگڑ کر [illegible] کہتے ہیں۔

زردشت کی تعلیمات: مجوسیوں کے نزدیک یہ کتاب تین حصوں پر منقسم ہے ایک حصہ میں گزشتہ قوموں کے حالات ہیں دوسرے میں آئندہ ہونے والی پیشین گوئیاں لکھی گئی ہیں تیسرے میں مذہبی اور شرعی احکام ہیں۔ مثلاً شرقی قبلہ ہے اور نماز وقت طلوع اور زوال اور غروب کے وقت پڑھنی چاہئے اور آفتاب کو سجدہ کرنا اور اس سے دعا کرنی چاہئے۔ زردشت نے [illegible] آتش کدے [illegible] کی [illegible] کے درمیان [illegible] احکام ہیں۔ غرض کہ جب دارا کی حکومت ختم ہوئی تو سکندر نے ان کتابوں کو جلا دیا۔ پھر جب اردشیر بابکان کا زمانہ آیا تو اس نے اہل فارس کو جمع کر کے [illegible] اس کتاب کو لکھوایا۔ مسعودی کہتا ہے کہ گشتاسپ نے زردشت سے اس کی نبوت کے ثبوت میں [illegible] مجوسی [illegible] اور گشتاسپ نے زردشت کے [illegible] آذربائیجان میں [illegible] جاماسپ عالم [illegible] (اصفہان) [illegible]

گشتاسپ اور ارجاسپ کی جنگ: [illegible] لکھتے ہیں کہ دین مجوسی اختیار کر لینے کی وجہ سے گشتاسپ اور ارجاسپ بادشاہ ترک میں متعدد لڑائیاں ہوئیں [illegible] لڑائی میں مارا گیا۔ [illegible] گشتاسپ بعض معرکوں میں کامیاب ہوا۔ ترکوں کو [illegible] میں شکست ہوئی [illegible] کے ساتھ [illegible] قتل کر ڈالا۔ کامیابی کے بعد گشتاسپ بلخ کی طرف واپس آیا۔ [illegible] بادشاہ ترک کی [illegible] سے گشتاسپ نے برہم ہو کر اسفندیار کو قید کر دیا اور خود [illegible] کے پہاڑوں پر [illegible] اللہ [illegible] عبادت میں مصروف ہو گیا۔

[illegible]

[illegible] کا قتل [illegible]

غلام قادر کی ذلت [illegible]

[illegible]

[illegible] کا قتل [illegible]

[illegible]

[illegible]

دشمن تھا اس کے مقابلہ پر آیا اور شکست کھائی لیکن اس کے اقبال کے دن تمام ہو چکے تھے وہ اپنے بھائی اور بیٹوں کے ہمراہ اس لڑائی میں مارا گیا۔

اردشیر بہمن کی فتوحات: اس کے بعد بہمن نے روم پر حملہ کیا اور [illegible] کیا۔ یہ تمام ملوک فارس سے زیادہ عظیم الشان بادشاہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نے [illegible] ایک شہر آباد کیا اس کی ماں [illegible] کی نسل سے تھی اس کی [illegible] اور عمارات میں یہودیوں کا [illegible] تھا [illegible] عورتوں میں سے [illegible] تھیں [illegible] بیت المقدس کا حاکم بنایا تھا۔ [illegible] کی تیزی اور فراست کی وجہ سے [illegible] فارس کا [illegible] کہتے تھے۔ بعض مورخ لکھتے ہیں کہ بہمن کی لڑکی [illegible] اس نے [illegible] کر لیا تھا [illegible] جب [illegible] اس سے حاملہ ہوئی تو اس نے کہا کہ [illegible] حالانکہ حکومت و سلطنت کا حق [illegible] تھا [illegible] ساسان [illegible] [illegible] تھے۔

دارا: بہمن کے مرنے کے بعد [illegible] دارا [illegible] کی۔ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ہوئی۔ [illegible] کی [illegible] حکومت [illegible] اس کی [illegible] [illegible] تمام ارکان سلطنت [illegible] ہو گئے۔

دارا کا کردار: [illegible] دارا [illegible] کی۔ [illegible] ہے [illegible] دارا کے عہد حکومت میں [illegible] بادشاہ [illegible] فارس [illegible] اور اس [illegible] بادشاہ کے [illegible] [illegible] کے حالات [illegible] کے وقت اس [illegible] [illegible] دارا نے [illegible] [illegible] آخری بادشاہ [illegible] ہیں۔

بابل کا انجام: [illegible] حکومت [illegible] کے تمام [illegible] [illegible] اسلام [illegible] فارس [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] کی طرف منسوب کر دیا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] کی مصر پر فوج کشی اس کے بعد اس کا لڑکا [illegible] مصر [illegible] مصریوں کے [illegible] ان کے [illegible] [illegible] [illegible] قتل کر دیا۔

[illegible] اس کے بعد اس کا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

دارا اور اسکندر اعظم کی جنگ [illegible] بادشاہ [illegible] [illegible] اسکندر [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] تعالیٰ

شجرہ طبقہ ثانیہ ملوک فارس


کیقباد
کینیہ
کیکاؤس
کینیہ
کیخسرو
کیکاؤس
لہراسب
گشتاسب
اسفندیار
بہمن
ہمائی
دارا
دارا
اشک
جو ملوک اشکانیہ کا مورث اعلیٰ ہے

دارایوش بن گشتاسپ [illegible] بیان کرتا ہے کہ [illegible] کے [illegible] کیا جاتا ہے [illegible] دارایوش بن گشتاسپ [illegible] کیا گیا۔

دارایوش بن گشتاسپ [illegible]

نکلے تھے اور مصر سے [illegible] تک [illegible] گئی۔ اس کے بعد [illegible] ایک بادشاہ ہوا۔ یہ پہلا بادشاہ ہے جو فرعون کے لقب سے مشہور ہوا [illegible] اسی کے عہد حکومت میں زیادہ [illegible] اس کے بعد [illegible] تخت آرائے حکومت ہوا۔ [illegible] علیہ السلام [illegible] اس کے بعد [illegible] بادشاہ ہوا۔ [illegible] کے لقب سے مشہور تھا۔ [illegible] نجات پائی۔ اس [illegible] حکومت کے [illegible] علیہ السلام کے [illegible] کیا [illegible]

[illegible]

ابن عبد الحکم سے روایت ہے کہ [illegible] کے نام سے مشہور [illegible] علیہ السلام کے بعد [illegible] بنی اسرائیل کے [illegible] بخت نصر نے مصر کے تمام [illegible] کے بعد [illegible] بادشاہ [illegible] کے بعد [illegible] حکومت کر کے مر گیا۔

[illegible] اس کے بعد [illegible] اس کے زمانہ میں [illegible] اس کے بعد [illegible] بادشاہ [illegible] عمرو بن العاص نے [illegible] اس کے بعد [illegible] اس کے زمانہ میں [illegible] ان کے عہد حکومت میں [illegible]

[illegible]

دولت [illegible] ابن عمید [illegible] سے روایت کرتا ہے [illegible] یونان [illegible] اسکندر بن فیلقوس بادشاہ یونان [illegible] انتہی

کلام ابن العمید

طبقہ ثالثہ ملوک فارس

ملوک الطوائف: ملوک فارس کا یہ طبقہ اشکانیہ (اشغانیہ) کے نام سے مشہور ہے۔ یہ لوگ اشغان بن دارا اکبر کی اولاد سے ہیں۔ جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ ملوک الطوائف میں بھی ایسے عظیم الشان بادشاہ گزرے ہیں جن کا حال تحریر کیا گیا ہے جب اسکندر (ابن فیلقوس) نے فارس لے لیا اور دارا اصغر اثنائے لڑائی میں مارا گیا تو اس نے ان بادشاہوں کے بارے میں ارسطو سے مشورہ کیا۔ ارسطو نے کہا فارس کے خاندان شاہی میں سے چند آدمی مختلف مقامات پر حکمران کر دیئے جائیں وہ آپس میں لڑتے مرتے رہیں گے اور یونان بچا رہے گا۔ اسکندر نے اس بنا پر علماء فارس کو ملک فارس پر حکمران کر دیا انہیں بادشاہوں کے گروہ کا نام ملوک الطوائف ہے۔

سکندری سلطنت کی تقسیم: اور پھر جب اسکندر مر گیا تو اس کا ملک اس کے چار امراء میں تقسیم ہو گیا۔ مقدونیہ اور انطاکیہ اور اس کے سرحدی ممالک روم کا حکمران فیلبش مع سالار اسکندر ہوا۔ اسکندریہ مصر و مغرب پر فلاذس ملقب بہ بطلیموس حکومت کرنے لگا۔ شام بیت المقدس اور اس کے سرحدی ممالک سلوقس کے قبضہ میں رہے سواد اور فارس کو تا آنکہ بطلقس ملقب بہ انطیخس نے دبا لیا اور چالیس برس تک حکمرانی کرتا رہا۔

اشک بن دارا: طبری کہتا ہے کہ اشک بن دارا اکبر اپنے باپ کے بعد رے میں رہا اور وہیں اس نے نشو و نما پائی۔ جب یہ بڑا ہوا اور سکندر مر گیا تو اس نے لشکر جمع کر کے انطیخس پر حملہ کر دیا موصل میں دونوں میں لڑائی ہوئی۔ انطیخس لڑائی میں مارا گیا اور اشک سواد پر موصل سے رے اور اصفہان تک قابض ہو گیا۔ ملوک الطوائف شرافت اور تعظیم کی وجہ سے اس کی تعظیم کرنے لگے اور اکثر ہدایا اور تحائف بھیجتے رہے۔ حالانکہ اسے ان کے معزول کرنے اور حکمران بنانے میں کچھ دخل نہ تھا وہ لوگ اس کی عزت کرتے اور اپنے خطوط میں اس کا نام پہلے لکھا کرتے اس کے ساتھ ہی وہ لوگ آپس میں لڑتے جھگڑتے اور صلح کرتے رہتے تھے۔

اشک بن دارا کے متعلق دوسری روایت: بعض مورخ کہتے ہیں کہ ایک شخص ملوک فارس کی نسل کا اصفہان اور سواد پر اسکندر کے مرنے کے بعد قابض ہو گیا اس کے بعد اس کا لڑکا مالک ہوا کچھ عرصہ بعد لشکر جمع کر کے تمام ملوک الطوائف کا سردار بن بیٹھا۔ اسی وجہ سے اس کے سوا اور ملوک الطوائف کا ذکر ترک کر دیا گیا بعض لکھتے ہیں کہ یہ شخص اشک بن دارا تھا جیسا کہ ہم نے اس سے پہلے تحریر کیا ہے اور یہی اہل فارس کا قول ہے اور بروایت بعض اشک اسفندیار بن گشتاسپ کی اولاد سے ہے اس میں اور اسفندیار میں چھ پشتوں کا فرق ہے اور بقول بعض اشک بن اشغان اکبر کیبہ بن کیقباد کی نسل سے ہے اس نے ملوک الطوائف پر حکمرانی کی۔ اصطخر اور بلاد فارس پر قابض رہا۔ دس برس تک اس کی

حکومت رہی۔

جودرز بن اشغان: اس کے بعد جودرز بن اشغان بادشاہ ہوا۔ اس نے بنی اسرائیل پر یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کے قتل کی وجہ سے حملہ کیا۔ مسعودی کہتا ہے کہ اشغ بن اشغ بن [illegible] اشغان اول نے دس برس کی پھر اس کے لڑکے سابور نے ساٹھ برس حکمرانی کی۔ اس نے بنی اسرائیل پر شام میں حملہ کیا ان کا مال و اسباب لوٹ لیا اس کی حکومت کے آٹھویں سال فلسطین میں جناب یحییٰ علیہ السلام ظاہر ہوئے۔

ملوک اشکانیہ: پھر اس کا چچا زاد بھائی دس برس پھر [illegible] اکیس برس تک بادشاہ رہا۔ اس کے زمانہ حکومت میں ططوس قیصر نے بیت المقدس پر قبضہ کر لیا تھا۔ [illegible] جیسا کہ ہم پہلے لکھ آئے ہیں۔ جودرز کے بعد جودرز بن نیرو انیس برس تک اس کے بعد نرسی اس کا بھائی چالیس برس۔ پھر بلاش اس کے بعد ہرمز چالیس برس تک حکمرانی کرتا رہا۔ اس کے بعد اردوان [illegible] چودہ برس رہا۔ پھر اس کا [illegible] اردوان نے پچیس برس تک حکومت کی۔

بلاوش کی فتوحات: پھر اس کا لڑکا بلاوش ہوا اس نے چوبیس برس تک حکمرانی کی اس کے زمانہ میں روم کے قیصر کی اجازت سے [illegible] کے [illegible] یونان [illegible] کر کے بلاوش پر حملہ کیا۔ بلاوش نے فارس اور عراق سے لشکر جمع کر کے چاروں طرف سے ان کا مقابلہ کیا۔ اس جنگ [illegible] بادشاہ [illegible] قیصر [illegible] خون ریزی کے بعد لشکر کو شکست [illegible] اس کے بعد بلاوش مر گیا اس کا بیٹا اردوان [illegible] بادشاہت کرتا رہا یہاں تک کہ اردشیر بن بابک بن ساسان نے خروج کیا اور ملک فارس کو ملوک الطوائف سے چھین کر ان کی حکومت کی بنیاد ڈالی یہ ساسانی کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔

زمانہ ملوک الطوائف: طبری کہتا ہے کہ زمانہ ملوک الطوائف میں جناب عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام پیدا ہوئے جب کہ [illegible] سکندر [illegible] ملوک اشکانیہ کی حکومت پر [illegible] پچاس سال گزر چکے تھے اور نصاریٰ کا یہ کہنا ہے [illegible] سکندر کے غلبہ کے تین سو تین برس بعد جناب عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے۔ واللہ اعلم۔ طبری کہتا ہے کہ ملوک الطوائف کا زمانہ سکندر کے بعد سے [illegible] دو سو چھیاسٹھ برس رہا۔ بعض کہتے ہیں کہ پانچ سو تیرہ برس تک رہا۔ کہتے ہیں کہ اس مدت میں نوے بادشاہوں نے نوے گروہوں کی حکمرانی کی۔ لیکن ان میں سے ملوک اشکانیہ عظیم الشان اور نامور تھے

شجرہ طبقہ ثالثہ ملوک فارس


دارا اکبر
ارشک
بہر
ارشک
سابور
جودرز
بیژن
اردوان اکبر
کسریٰ
بلاش
اردوان

طبقۂ رابعہ ملوک فارس

دولت ساسانیہ: یہ خاندان سلطنت دنیا کی عظیم الشان سلطنتوں میں سے ہے۔ اسے مؤرخین دولت ساسانیہ یا اکاسرہ کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔ یہاں دو حکومتوں (یعنی دولت روم و دولت فارس) میں سے ایک حکومت ہے جو ابتداء اسلام میں موجود تھی۔ اس کا زمانہ حکومت اردشیر بن بابک بادشاہ ملک مرو سے شروع ہوتا ہے اور وہ ساسان بن بابک بن جبر بن ساسان اکبر ابن کے بہمن کا بیٹا ہے۔ اس سے پہلے ہم بہمن اور اس کے لڑکے ساسان کا حال تحریر کر چکے ہیں کہ جس وقت اس کا بھائی دارا اپنی ماں کے پیٹ میں تھا۔ اسی وقت بہمن نے ساسان کو نکال دیا تھا اور یہ جبال اصطخر میں جا کر مقیم ہوا تھا۔ یہیں اس کے توالد و تناسل کا سلسلہ جاری ہوا۔

اردشیر: یہاں تک کہ ساسان اصغر پیدا ہوا اور آتش کدہ اصطخر کی تولیت کرنے لگا۔ یہ نہایت شجاع اور دلیر تھا اس کی بیوی شاہی خاندان سے تھی۔ اس سے اس کا لڑکا بابک اور بابک سے اردشیر پیدا ہوا۔ ان دنوں اصطخر میں ملوک الطوائف میں سے ایک بادشاہ حکومت کر رہا تھا۔ اس کا عامل مقام دارابجرد (داراب گرد) میں رہتا تھا۔ جب اردشیر سات برس کا ہوا تو اس کے دادا ساسان نے اسے بادشاہ اصطخر کی خدمت میں پیش کر کے یہ درخواست کی کہ یہ عامل دارابجرد کے پاس تعلیم و تربیت کے لئے بھیج دیا جائے۔ بادشاہ اصطخر نے اسے منظور کر کے اردشیر کو عامل دارابجرد کے پاس بھیج دیا۔ کچھ عرصہ بعد عامل دارابجرد مر گیا تو اردشیر بادشاہ اصطخر کے حکم سے دارابجرد کا گورنر مقرر ہوا۔ چونکہ نجومیوں نے اس سے کہہ رکھا تھا کہ عالم میں تیرے نام کا سکہ چلے گا۔ اسی وجہ سے اس نے اپنے زمانہ گورنری میں اکثر ملوک الطوائف پر حملہ کیا اور ملک فارس کے زیادہ حصہ کا بادشاہ بن بیٹھا اس کے بعد اس نے اپنے باپ کو ان حالات سے آگاہ کیا اور اصطخر پر بھی بزور تیغ قبضہ حاصل کر لیا۔

اردشیر کی فتوحات: مؤرخین نے اردشیر کی لڑائیوں اور اس کے سلسلۂ فتوحات کو اس طرح تحریر کیا ہے کہ اردشیر نے بادشاہ اردوان سے جو اصطخر پر حکومت کر رہا تھا امداد طلب کی تب اس نے سختی سے جواب دیا اور جنگ پر آمادہ ہو گیا تو اردشیر نے اصطخر پر حملہ کی تیاری کی اور اصطخر جاتے ہوئے کرمان پر قبضہ کر کے اپنے لڑکے کو وہاں کا حاکم بنا دیا اور اردوان نے اس بدعہدی پر اردشیر کو دھمکی دی اور بادشاہ اہواز کو اس کے مقابلہ پر بھیجا بادشاہ اہواز شکست کھا کر واپس ہوا۔ اس کے بعد پھر اردشیر نے اصفہان پر حملہ کیا اور اس کے بادشاہ کو قتل کر کے اس پر قبضہ کر لیا۔ پھر وہ اہواز کی طرف بڑھا اس کے ساتھ بھی یہی برتاؤ کیا۔ اس کے بعد اردوان سے لڑا اور اسے شکست دے کر قتل کر ڈالا۔ بعد ازاں جبل آذربائیجان آرمینیہ

---

[1] یہ اسکندر کے پانچ سو تیرہ برس کے بعد ہوا۔ بقول طبری پانچ سو چالیس برس اور بقول مسعودی پانچ سو سترہ سال کے بعد ہوا۔

موصل پر اپنی کامیابی کا جھنڈا گاڑ دیا پھر ان سے فارغ ہو کر سواد کو لے لیا اور دجلہ کے مشرقی شہروں کے پاس ایک شہر آباد کیا۔ پھر وہاں سے لوٹ کر اصطخر آیا اور سجستان، جرجان، ابرشہر، مرو، بلخ، خوارزم و حدود خراسان تک فتح کر لیے۔ اس کے بعد فارس کی طرف آیا۔ بادشاہ کوشان و مکران نے اس کی اطاعت قبول کر لی اور ایک مدت کے بعد اس نے بحرین کو بھی لے لیا۔ بحرین کا بادشاہ سناطرق لڑائی میں مارا گیا۔ جب کرمان پر قبضہ کے بعد اردشیر لوٹ آیا اور اس کا لڑکا سابور ... اس نے بھی بڑی بڑی کامیابی حاصل کی۔ اطراف و جوانب کے بادشاہوں کو زیر کیا۔ آخر کے شہر آباد کیے۔ عمارتیں بکثرت بنوائیں۔ غرض کہ اردشیر چودہ برس حکومت کر کے اصطخر میں مر گیا۔

سواد پر قبضہ: بعض مورخین کا دعویٰ ہے کہ اردشیر اپنے زمانہ حکومت میں اس امر کا خواستگار ہوا کہ جو ممالک ملوک الطوائف سے پہلے اس کے آباؤ اجداد کے قبضہ میں تھے ان سب پر ... اس پر اردوان ... ملوک الطوائف پر بادشاہت کرے۔ ... ان دونوں نے ... اردشیر کا مقابلہ کیا۔ اردشیر نے بابا سے صلح کر لی ... اردوان مارا گیا اور اردشیر نے سواد پر قبضہ کر لیا اس کے بعد بابا نے اطاعت قبول کر لی اور تمام سلاطین مطیع ہو گئے۔

عرب پر فوج کشی: اس کے بعد اردشیر حیرہ کی طرف متوجہ ہوا۔ اکثر قبائل عرب عراق اور جزیرہ میں رہتے تھے۔ ان کے تین گروہ تھے ایک تنوخ تھا۔ جن میں قضاعہ کی شاخیں تھیں جو جذیمہ کے ساتھ ہو کر ملوک فارس سے لڑتے تھے۔ ... یہ حیرہ اور انبار کے درمیان خیموں میں بود و باش کرتے تھے۔ ان لوگوں نے اردشیر کی ملازمت اور ملکات میں آنا گوارا نہ کیا اور اہل فرات سے الگ ہو کر عرب میں چلے گئے۔ دوسرا گروہ عباد کا تھا جو ... حکومت پر تھا۔ تیسرے احلاف تھے جو ان میں اپنے انساب کے ملے جلے ہوئے تھے۔ وہ تنوخ میں شامل تھے جو فارس کی اطاعت و فرمانبرداری کے منکر رہے اور ... لیکن تنوخ ... کی اطاعت ... اور ایسے انہوں نے ... میں سے عمرو بن عدی اور اس کی قوم ... شروع سے آباد کیا۔ ان دونوں کو عرب نے زمانہ بخت نصر میں بنایا تھا۔ اس کے بعد عمرو بن عدی نے اسے آباد کیا جب وہ اس کے مالک اور حاکم ہوئے یہاں تک کہ اسلام آیا اور عرب نے شہر کوفہ آباد کیا اور حیرہ ویران ہو گیا۔

اشکانیوں کا قتل: اردشیر نے بادشاہی کے بعد اپنے دادا کی وصیت کے موافق اشکانیوں کو چن چن کر مار ڈالا۔ اشکانیوں کی ایک عورت تھی اور وہ اس کے محل میں پناہ ... نسب چھپا کر بچ گئی تھی۔ اردشیر نے اس کو اپنی حرم میں داخل کر لیا۔ جب وہ حاملہ ہوئی تو اس نے اپنا نسب ظاہر کیا۔ اردشیر کو یہ امر ناگوار گزرا۔ اس نے عورت کو قتل کرنے کی غرض سے ایک مرزبان کے سپرد کیا۔ اس مرزبان نے اسے قتل نہ کیا جب اس سے لڑکا پیدا ہوا تو اس کا نام سابور رکھا اور اس کی پرورش اور تعلیم کرتا رہا۔

سابور کی ولی عہدی: اردشیر نے اپنے آخری زمانہ میں لاولد ہونے اور نسل و حکومت ختم ہونے کی شکایت کی اور اس عورت کے قتل اور حمل ضائع کرنے پر پشیمان ہوا۔ مرزبان نے کہا کہ میں نے اسے قتل نہیں کیا وہ عورت زندہ ہے۔ اس کے بطن سے ایک لڑکا پیدا ہوا تھا میں نے اس کا نام سابور رکھا ہے اور اب اس کی تعلیم و تربیت پوری ہو چکی ہے۔ اردشیر یہ سن کر خوشی کے مارے اچھل پڑا اور اسی وقت سابور کو بلا کر اپنا ولی عہد بنا لیا۔

سابور بن اردشیر: اردشیر کے مرنے کے بعد سابور بادشاہ ہوا اس نے دیار و دشمن سے لڑکر ان کو مطیع بنایا اور اچھے اچھے اطوار و طریقے اختیار کئے۔ پھر خراسان گیا اور وہاں کا انتظام درست کیا۔ پھر لوٹ کر نصیبین پہنچا اور اس سے لڑ کر چھین لیا۔ اس کے بعد اس نے شام کے اکثر شہروں پر قبضہ کر لیا۔ انطاکیہ کا محاصرہ کر کے اس کے بادشاہ کو گرفتار کر کے قید کر دیا۔ کچھ عرصے بعد بہت سا مال و اسباب لے کر اسے چھوڑ دیا بعض کہتے ہیں کہ اسے قتل کروا ڈالا۔

سابور اور ضیزن: دیار ربیعہ میں دجلہ اور فرات کے درمیان ایک شہر حضر نامی تھا۔ اس میں ایک عرب کی حکومت تھی ساطرون نامی ایک شخص ملوک الطوائف میں سے وہاں حکومت کر رہا تھا۔ مسعودی کہتا ہے کہ سریانی زبان میں ساطرون [illegible] سے ہے۔ طبری لکھتا ہے کہ اسے ضیزن کہتے ہیں۔ ہشام بن محمد کلبی لکھتا ہے کہ یہ قضاعہ سے تھا اور یہ ضیزن بن معاویہ بن العبید بن الاجرام بن عمرو بن النخع بن سلیح ہے۔ سلیح کا نسب ہم قضاعہ میں بیان کر چکے ہیں۔ یہ جزیرہ میں رہتا تھا۔ قبائل قضاعہ کے بہت سے لوگ اس کے ساتھ رہتے تھے اس کی حکومت شام تک پھیلی ہوئی تھی۔ سابور نے مہم خراسان کی وجہ سے اس سے تعارض نہیں کیا تھا۔ جب وہ ان جنگوں سے فارغ ہوا تو اس کی طرف متوجہ ہوا۔ چار برس تک اس کا محاصرہ کئے رہا۔ ایک روز اتفاق سے ضیزن کی لڑکی نضیرہ کی نظر سابور پر پڑی۔ یہ لڑکی بہت حسین اور شکیل تھی اور سابور بھی خوبصورت تھا۔ دونوں کی آنکھیں چار ہوتے ہی دونوں میں محبت نے جگہ کر لی اور دونوں کی نیند خراب ہو گئی۔ نضیرہ نے سابور کو قلعہ فتح کرنے کی تدبیر اور راستوں کا پتا بتا دیا جس سے اگلے دن سابور قلعہ میں گھس گیا اور ضیزن کو قتل کر کے قلعہ پر قابض ہو گیا۔ بنی قضاعہ جو اس کے ساتھ قلعہ میں رہتے تھے بیابانوں کی طرف نکل گئے اور مختلف مقامات پر آباد ہو گئے اور قلعہ حضر ویران مسمار ہو گیا۔

نضیرہ کا انجام: سابور نے فتح یابی کے بعد نضیرہ سے نکاح کر لیا۔ شب عروسی کو اس کے ساتھ سویا تو نضیرہ کے بچھونے میں آس کے پتے پڑے ہوئے تھے۔ سابور کو اس کی وجہ سے تکلیف ہوئی یا اس نے صبح پوچھا کہ تیرا باپ کیا کھلاتا تھا نضیرہ نے جواب دیا مکھن، گوشت، انڈے، مغز اور تیز شراب۔ یہ سن کر [illegible] اور تیرا باپ! سابور کو [illegible] افسوس سے کہنے لگا کہ میں تیرے ساتھ زمانہ کی باتیں کرنے نہیں آیا۔ [illegible] سابور تھا اور ایک شخص کو حکم دیا کہ [illegible] نضیرہ کے بال اس کے دم میں باندھ کر دوڑائے اس شخص نے یہی کیا نضیرہ کے بال پکڑ گئے اور [illegible] کی حالت میں مر گئی۔ [illegible] کا یہ خیال ہے کہ جس نے حضر کو فتح کر کے ویران کیا اور ساطرون کو قتل کیا وہ سابور ذوالاکتاف ہے۔ لیکن تعجب ہے کیونکہ ساطرون ملوک الطوائف سے ہے اور جس نے اس کی حکومت و سلطنت کو تباہ کیا وہ اردشیر اور اس کا بیٹا سابور ہے اور سابور ذوالاکتاف اس کے بہت دنوں بعد ہوا ہے اور وہ ملوک بنی اردشیر کا نواں بادشاہ ہے اور [illegible] کے بیان کریں۔

سابور کا عرب پر تسلط: [illegible] عرب کو [illegible] سابور اس نے جب عرب پر اپنا تسلط کر لیا تو ان پر اس نے اپنی طرف سے عمرو بن عدی (جد آل منذر) کو وہاں کا حاکم بنایا۔ عمرو بن عدی نے تعمیر و ترقی سے وہاں کا انتظام کیا اور [illegible] بار ہا اس کے مرنے کے بعد اس کا لڑکا امرؤ القیس بن عمرو

[illegible] حضر [illegible]

بن عدی وہاں کا گورنر ہوا اس کے بعد یہ ملک آل منذر کی حکومت میں وراثۃً چلا آیا جیسا کہ ہم آئندہ بیان کریں گے۔

بہرام بن ہرمز: سابور تیس برس تک حکومت کر کے مر گیا۔ اس کے بعد اس کا لڑکا ہرمز تخت پر بیٹھا اس نے صرف ایک برس حکمرانی کی اس کے بعد بہرام بن ہرمز بادشاہ ہوا۔ یہ نہایت حلیم اور نیک سیرت تھا۔ اس نے اپنے اسلاف کی اقتدا کی۔ مانی مشہور زندیق جو نور کا قائل ظلمت کا منکر تھا اور اس کے دادا (سابور) کے عہد حکومت میں ظاہر ہوا تھا جس کی وجہ سے سابور نے بھی اتباع کر لی تھی اس کے بعد پھر مجوسی ہو گیا تھا جب بہرام بن ہرمز نے اسے قتل کرا دیا۔

مسعودی کہتا ہے کہ اس کے حق میں جو شخص ظاہر تفسیر کتاب زردشت سے جس کا ذکر پہلے اس سے ہو چکا ہے منحرف ہو کر اس کی تاویل کرے۔ چونکہ اس کتاب کا نام زند تھا اس وجہ سے اس کے تاویل کرنے والے کو زندیق کہنے لگے۔ اس کے بعد عرب نے اسے معرب کر کے زندیق کیا اس میں تمام وہ لوگ شامل ہو گئے جو ظاہر کی مخالفت کریں اور درحقیقت باطن کے منکر ہوں اس کے بعد عرف شرع میں زندیق اسے کہنے لگے جو بظاہر اسلام کا قائل ہو اور درحقیقت کفر کا پابند ہو۔

بہرام بن بہرام: بہرام بن ہرمز تین برس تین مہینے حکومت کر کے مر گیا اس کے بعد اس کا لڑکا بہرام بادشاہ ہوا۔ یہ تخت پر بیٹھتے ہی آوارگی اور عیش و عشرت میں مبتلا ہو گیا اس کے افسر رعایا کو ظلم و ستم کر کے پریشان کرنے لگے۔ گاؤں کے گاؤں شہر کے شہر ویران ہو گئے۔ ایک روز شکار سے لوٹا اتفاق سے دو الو ایک درخت پر ویرانے میں بیٹھے ہوئے بول رہے تھے بہرام نے کہا کاش میں پرندوں کی زبان سمجھ سکتا۔ موبذوں نے جو اس وقت موجود تھے عرض کیا کہ ہم ان کی زبان سمجھتے ہیں یہ دونوں الو بیاہ کی باتیں کر رہے ہیں۔ مادہ کہتی ہے کہ میں بیس شہر لے کر ویران تیرے ساتھ نکاح کروں گی اور نر نے اسے قبول کر لیا ہے اور کہتا ہے کہ اگر بہرام اسی طرح حکومت کرتا رہا تو بہت جلد تجھے بیس کے بجائے ہزار ویرانے دوں گا۔ بہرام یہ سن کر خواب غفلت سے چونک پڑا اور خود امور سلطنت کا انتظام کرنے لگا اس کا آخری زمانہ حکومت ابتدائی زمانہ سے عدل و انصاف انتظام و تدبیر میں بڑھ گیا۔

بہرام اور قرسی بن بہرام: اس کے مرنے کے بعد بہرام بن بہرام تخت نشین ہوا اسے شہنشاہ کے لقب سے مخاطب کرتے تھے۔ چنانچہ اس کا دور حکومت تھا صرف چار برس حکومت کر کے مر گیا اس کے بعد اس کا بھائی قرسی (نرسی) بن بہرام نو برس حکومت کرتا رہا۔ عادل اور نیک سیرت تھا۔ اس کے بعد ہرمز بن قرسی بادشاہ ہوا اس کا زمانہ حکومت سات برس تک رہا۔ یہ بادشاہ مقام جندیسابور (مضافات خراسان) میں رہتے تھے۔

سابور ذوالاکتاف: ہرمز کے مرنے کے بعد اس کی کوئی اولاد نہ تھی ارکان دولت اس وجہ سے زیادہ پریشان ہوئے۔ حسن اتفاق سے اس کی ایک بیوی حاملہ پائی گئی ارکان دولت نے کسی اور شخص کو خاندان شاہی سے تخت نشین نہ کیا وضع حمل کا انتظار کرتے رہے جب وضع حمل ہوا تو اس کا نام سابور رکھا اور اسی وقت اسے تخت نشین کر دیا اور خود انتظام سلطنت کرنے لگے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہرمز نے یہ وصیت کی تھی کہ وضع حمل کے بعد جو لڑکا پیدا ہو وہی تخت نشین کیا جائے بہر کیف جب شیر خوار بچہ بادشاہ بنایا گیا اطراف و جوانب میں یہ خبر مشہور ہو گئی۔

انتقاف اسلوکی: ترک و روم نے ملک دبانا شروع کر دیا۔ علاوہ عرب ان کے سرحدی ممالک سے بہت ہی قریب تھے

وہاں کے رہنے والے قحط اور تباہ حالی کی وجہ سے ہمیشہ فارس کے شہروں کے مال کے محتاج رہتے تھے۔ وہ بھی موقع مناسب سمجھ کر لوٹ مار کرنے لگے۔ بحرین بلاد قیس و عاملہ کی صحرا نشین جماعتیں جوق در جوق ممالک فارس میں آنے لگیں۔ لوٹ مار فساد کا بازار گرم کر دیا اسی حالت میں ایک زمانہ گزر گیا۔ لیکن اہل فارس میں سے کسی نے بادشاہ کی کم سنی کی وجہ سے نہ تو ان سے تعارض کیا اور نہ ان کے دفع کرنے کی کوشش کی۔

عربوں کی سرکوبی: جب ان کا بادشاہ سن شعور کو پہنچا اور اس کی عمر کے سولہ برس طے ہو چکے تب ارکان دولت نے ان سے ملک کا حال عرب کی لوٹ مار ترک و روم کے واقعات بیان کئے۔ سابور نے سب سے پہلے عرب پر حملہ کرنا مناسب سمجھ کر لشکر کی تیاری کا حکم دیا اور خود ان کی افسری کرتا ہوا دارالسلطنت سے روانہ ہوا۔ عرب کے قبیلے اس وقت تک بلاد فارس میں موجود تھے۔ انہیں اس کی خبر نہ تھی یہ ایک ان کے سروں پر پہنچ گیا اور ان کو مارتا کاٹتا بحرین تک بڑھ گیا اور وہاں پہنچ کر قتل و غارت کا عام حکم دے دیا۔ اس کے بعد روسا عرب و تمیم بکر و عبد قیس پر چڑھائی کی اور نہایت سختی سے لڑائی شروع کر دی۔ عبد قیس شہر چھوڑ کر ریگستانوں میں چلے گئے پھر وہ یمامہ میں آیا وہاں بھی قتل و قید و غارت گری کرنے لگا۔

شورشوں کا انسداد: پھر وہاں سے بلاد بکر و تغلب کی طرف متوجہ ہوا جو مملکت فارس اور مناظر روم کے درمیان شام میں رہتے تھے۔ وہاں بھی عرب میں سے جسے پایا اسے قتل کر ڈالا ان کے گھروں کو لوٹ لیا اور ان کے پانی کو خراب کر ڈالا۔ اس کے بعد جس شخص نے اس سے پناہ چاہی اس نے ٹھہرایا چنانچہ بنی تغلب میں سے جو (بحرین اور خط سے آئے ہوئے تھے) دارین میں۔ بنی تمیم کے لوگوں کو ہجر میں، بکر بن وائل والوں کو کرمان میں، بنی حنظلہ کو اہواز میں رہنے کی جگہ دی۔ شہر انبار کرخ سوس کو آباد کیا۔ مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ ایاد جزیرہ میں پہلے رہتے تھے۔ گرمیوں میں عراق آ جاتے لوٹ مار کرتے رہتے تھے سابور ان دنوں کمسن تھا۔ جب یہ بڑا ہوا اور کاروبار سلطنت کرنے لگا تو ان کے دفع کرنے کی طرف متوجہ ہوا۔ اس زمانہ میں ان کا سردار حرث بن اغر ایادی (ایاد بن نزار کی اولاد سے) تھا۔ سابور کی روانگی سے پہلے ایک شخص[1] نے بنی ایاد میں سے جو دارالسلطنت فارس میں ملا جلا ہوا رہتا تھا حرث بن اغر ایادی کو سابور کے ارادے سے مطلع کیا اور اسے اس کی لڑائی سے ڈرایا۔ حرث نے اس کے کہنے پر عمل نہ کیا انجام یہ ہوا کہ لشکر سابور نے پہنچ کر انہیں قتل کرنا شروع کر دیا وہ لوگ جلا وطن ہو کر سرزمین جزیرہ اور موصل کی طرف چلے گئے۔ پھر لوٹ کر عراق نہ آئے۔ جب مسلمانوں کے ولاۃ اور سرداروں نے ان شہروں کو فتح کیا اور ان سے جزیہ (خراج) طلب کیا تو انہوں نے جزیہ دینے سے انکار کیا اور روم چلے گئے۔

عمرو بن تمیم کا سابور کا مشورہ: سہیلی سابور بن ہرمز کے تذکرہ میں لکھتا ہے کہ یہ ذوالاکتاف[2] (بازو) عرب کے بدن سے کاٹ ڈالتا تھا اسی وجہ سے عرب اسے ذوالاکتاف کہتے ہیں بحرین میں اس نے اس کے سردار عمرو بن تمیم کو گرفتار کیا۔ اس وقت اس کی عمر تین سو برس کی ہو چکی تھی۔ اس سے سابور نے کہا "میں تم سب کو قتل کر ڈالوں گا تم لوگ حکومت و سلطنت

---

[1] مؤرخین نے لکھا ہے کہ یہ سابور کا کاتب (سیکرٹری) تھا اس نے ایک قصیدہ حرث کے پاس بھیج دیا تھا جس میں سابور کی آمد کی خبر تھی۔

[2] مؤرخین لکھتے ہیں کہ اس نے عرب کے جو بہادر تھے ان کے بازو نکلوا ڈالے تھے۔

کے عمل ہو تمہارا یہ خیال ہے کہ تمام جہان میں تمہاری حکومت پھیلی ہوئی ہے"۔ عمرو بن تمیم نے جواب دیا "اے بادشاہ یہ عاقل کسی سے پوشیدہ ہے اگر درحقیقت ان کا کوئی حق ہے اور وہ اس کے مستحق ہیں تو تمہارا قتل کرنا انہیں نہیں روک سکتا اور اگر کوئی حق و استحقاق نہیں ہے تو تجھے ان پر تعدی کیا ہے اس کا وبال تجھ پر پڑے گا تیری آئندہ اولاد ان سے نفع اٹھائے گی۔" بیان کیا جاتا ہے کہ سابور کو عمرو بن تمیم کے اس جواب پر رحم آ گیا اس نے ان کے قتل و غارت سے ہاتھ اٹھا لیا۔

قیصر روم کی سابور پر فوج کشی اس کے بعد اس نے بادشاہ روم پر حملہ کیا ان کے اکثر قلعوں کا محاصرہ کیا اس کے عہد حکومت میں رومیوں کا بادشاہ قسطنطین تھا۔ جس نے ملوک روم میں سب سے پہلے نصرانی مذہب اختیار کیا تھا۔ قسطنطین کے مرنے کے بعد اس کے خاندان سے لیونس نامی ایک شخص تخت حکومت پر بیٹھا اور دین نصرانیت سے منحرف ہو گیا۔ روما ت کو قتل اور گرجوں کو مسمار کرا دیا اور سابور سے لڑنے کے لئے ایک کثیر التعداد فوج جمع کر لی۔ عرب کے قبائل بھی سابور سے انتقام لینے کے لئے قیصر روم کی فوج میں شامل تھے۔ اس لشکر کا سپہ سالار یوسانوس[1] تھا جسے لیانوس قیصر روم نے ایران کو ویران کرنے کے لئے روانہ کیا تھا۔ اس رومی لشکر کی تعداد ایک لاکھ ستر ہزار بیان کی جاتی ہے۔ جس وقت یوسانوس رومی فوج لئے ہوئے سرحد فارس پہنچا۔

سابور کی شکست و فرار سابور نے بھی لشکر فراہم کر کے رومیوں کا مقابلہ کیا۔ رومیوں نے پہلے ہی حملہ میں سابور کو پسپا کر دیا۔ عرب کے گروہ نے اس کا تعاقب کیا۔ لیکن وہ معدودے چند آدمیوں کو ہمراہ لے کر جان بچا کر بھاگ نکلا۔ رومیوں نے اس کے خزانہ پر قبضہ کر لیا اور شہر طیسفون پر اپنی کامیابی کا پھریرا اڑا دیا۔ وہاں کے رہنے والے رومیوں سے متنفر ہو کر جلا وطن ہو گئے اور رومیوں نے وہاں حکومت اختیار کر لی اور نہایت عزت و اقتدار سے رہنے لگے۔ پھر اس کے بعد لیانوس ایک لڑائی میں مارا گیا۔ رومیوں نے یوسانوس کو اپنا سردار بنانا چاہا۔ یوسانوس نے یہ شرط کی کہ اگر تم نصرانی مذہب اختیار کریں۔ جیسا کہ حکومت زمانہ قسطنطین میں تھا۔ رومیوں نے اسے قبول کر لیا اور یوسانوس نے حکومت اختیار کر لی۔

سابور اور یوسانوس میں مصالحت اس کے بعد سابور نے پھر فوج جمع کر کے حملہ کرنے کی یوسانوس کو دھمکی دی اور یہ کہلا بھیجا کہ میں اپنی رعایا کا انتقام لینے کے لئے آ رہا ہوں۔ تم تیار رہو۔ چنانچہ یوسانوس یہ سن کر گھبرا گیا اور اپنی رومی افسروں کو ہمراہ لے کر سابور کے پاس گیا۔ سابور نے اس سے ملاقات کی۔ نہایت عزت سے اسے ٹھہرایا اور اس امر پر صلح کر لی کہ رومی تمام مال غنیمت واپس کر دیں اور خون بہا کے عوض نصیبین[2] دے دیں۔ جسے رومیوں نے فارس سے لے لیا ہے۔ چنانچہ یوسانوس نصیبین واپس دے کر اپنے ملک کو لوٹا اور سابور نے "اصبہان" (اصفہان) کے آدمیوں کو وہاں دوبارہ آباد کر کے اپنے دارالسلطنت واپس آیا۔ اس واقعہ کے تھوڑے دنوں بعد یوسانوس مر گیا۔

سابور کی وفات بعض مورخین بیان کرتے ہیں کہ سابور تبدیل لباس روم گیا اور وہاں وہ گرفتار کر لیا گیا۔ قیصر نے اسے بیل کی کھال پہنائی اور اسے اپنے ساتھ لئے ہوئے جندیسابور کی طرف بڑھا تاکہ وہ اپنی آنکھوں سے اپنے ملک کی

---

[1] اکثر رومی مورخین جو کہ اس کے عالم کا نام جوین لکھتے ہیں۔ شاید عربی مورخین نے اس کو یوسانوس لکھا ہے۔

[2] اس عہد میں نصیبین [illegible] ابتدائی سرحد [illegible] تھا جسے رومی حکومت نے ایرانیوں سے چھین لیا تھا۔

رومی وہ پہلے [illegible] سے صلح کر کے [illegible] اور جنوبی سابور کے لشکر میں شامل ہو کر رومیوں کے مقابلہ پر آیا اسے شکست دے کر ان کے بادشاہ کو قتل کر دیا اور ان سے [illegible] کی طرح [illegible] کا کام لیتا رہا۔ کچھ عرصہ بعد اس کی [illegible] کاٹ۔ ایک گروہ تھا جو سوار ہو کے رومیوں نے پار [illegible] دیا۔ لیکن پا لیے تھے۔ چنانچہ ان کے مجبور ہونے کی عادت شجاعت سے رومی بے [illegible] سابور پیچھے ہٹ گئے اور عرب کا [illegible] بھی ہو کر گیا۔ اس نے شہر سابور [illegible] آباد کیا وہ بادشاہوں کے درمیان گئے تھے ایک کل ہو یا اور اس نے اپنی طویل سلطنت میں رعایا کو بہت خوش رکھا۔

سابور بن سابور ذوالاکتاف سابور نے انتقال کے وقت اپنے بھائی اردشیر بن ہرمز کے حق میں حکومت کی وصیت کر دی تھی جس سے ساسانی دولت نے [illegible] تخت نشین لیا۔ لیکن چار برس کے بعد اس سے سلطنت لے لی گئی اور اس کی جگہ سابور بن سابور ذوالاکتاف کو تخت حکومت پر بٹھایا گیا لوگوں نے اس کی حکومت کی خوشی منائی یہ نہایت نیک سیرت تھا۔ رعایا اور لشکری سے نرمی کا برتاؤ کرتا رہا تھا اس سے [illegible] انہوں نے [illegible] ایک شاعر [illegible] ہے۔ فیا با ابنہ حوفہ الخیل و النعم [illegible] سابور ذوالاکتاف کے بارے میں کہا گیا ہے واللہ اعلم

یزدجرد الاثیم پھر ابن سابور پانچ برس حکومت کر کے مر گیا اس کی جگہ اس کا بھائی بہرام ملقب بہ کرمان شاہ تخت نشین ہوا۔ یہ نہایت [illegible] اور نیک سیرت تھا گیارہ برس حکومت کر کے مر گیا اس کے مرنے کا یہ واقعہ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ [illegible] کی فتح کے [illegible] تیر آ کر لگا جس سے وہ مر گیا اس کے بعد یزدجرد الاثیم بادشاہ ہوا اکثر مؤرخین اسے بہرام کا بیٹا بتاتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ اس کا بھائی تھا۔ ہشام ابن الکلبی کا یہی قول ہے۔ یہ نہایت بد خلق [illegible] تھا تھوڑی سی [illegible] پر [illegible] اور [illegible] کو بہت بڑی سزا دیتا تھا۔ [illegible] بالکل عادی نہ تھا [illegible] اس کے ابتدائی حکومت میں [illegible] معروف بہ مہر نرسی وزارت کرتا تھا لیکن کچھ دنوں بعد معزول کر دیا [illegible] اس وجہ سے [illegible] بادشاہ وقت کے ظلم و تعدی سے [illegible] ہو رہے تھے اتفاق وقت سے ایک روز اس کے اصطبل میں ایک گھوڑا چھوٹ گیا کوئی شخص اسے پکڑ نہ سکا تھا [illegible] دیکھ کر چلا گیا اور اس کے پکڑنے کو [illegible] گھوڑے کے پاس پہنچا ایک [illegible] گھوڑے نے [illegible] پر لات چلائی۔ [illegible] ہو گئے اور اسی زخم کے صدمے سے مر گیا۔ یہ واقعہ اس کی حکومت کے [illegible] سال واقع ہوا۔

بہرام گور بن یزدجرد اس کے بعد بہرام بن یزدجرد بادشاہ ہوا اس کا لقب بہرام گور تھا اس نے بلاد حیرہ میں عرب کے ساتھ پرورش پائی اس کے باپ نے [illegible] نعمان بن امرؤ القیس کو [illegible] تھا اس نے اسے [illegible] عربی زبان کی تعلیم دی۔ جب یزدجرد کا بیٹا مر گیا تو اہل فارس نے ایک شخص [illegible] اردشیر کی نسل سے بادشاہ [illegible]

[illegible]

بن منذر کی امداد سے فارس پر چڑھ آیا اور واپس لے کر خود بادشاہ بن بیٹھا۔ جیسا کہ آل منذر کے حالات میں ہم بیان کریں گے۔ اس کے زمانہ حکومت میں خاقان بادشاہ ترک نے بلاد صغد پر جو اس کے مقبوضات میں سے تھے فوج کشی کی۔ بہرام نے اس کا مقابلہ کیا اور نہایت جوانمردی سے اسے پسپا کر کے قتل کر ڈالا۔ اس کے بعد ہندوستان پر حملہ کیا اور شاہ ہندوستان کی لڑکی سے بیاہ کر لیا۔ ملوک روم اس سے ڈرتے تھے اور اسے سالانہ نذرانہ بھیجتے تھے۔ انیس برس اس نے حکومت کی۔ اس کے بعد یزدجرد بن بہرام جور حکمران بنایا گیا۔ اس نے مہرنرسی کو اپنا وزیر مقرر کیا۔ نہایت نیک سیرت و عادل تھا۔ بیس برس حکومت کر کے مر گیا۔

فیروز بن یزدجرد: اس کے بعد ہرمز بن یزدجرد بادشاہ ہوا۔ اس کا بھائی فیروز ان دنوں یہاں موجود نہ تھا جب اسے اس واقعہ کی اطلاع ہوئی تو وہ ایک کثیر التعداد لشکر لے کر چڑھ آیا اور اپنے بھائی کو قید کر کے خود بادشاہ بن گیا۔ اس کے زمانہ حکومت میں ہیاطلہ نے خراسان پر چڑھائی کر دی تھی۔ اس نے ایک لشکر وزیر مہرنرسی کی ماتحتی میں ان سے جنگ کرنے کے لئے روانہ کیا۔ وزیر مہرنرسی نے انہیں مار پیٹ کر پیچھے ہٹا دیا۔ مدت سات سال کا قحط اس کے عہد حکومت میں پڑا۔ اس نے اس کا نہایت معقول انتظام کیا۔ لوگوں میں علی العموم غلہ تقسیم کرتا تھا۔ محصول بالکل معاف کر دیا تھا۔ اس زمانہ قحط میں کوئی شخص بھوکوں نہیں مرنے پایا۔

فیروز اور ہیاطلہ کی جنگ: ہیاطلہ نے اسی زمانہ میں اس کے ممالک پر دست درازی شروع کی۔ طخارستان اور بلاد خراسان کے اکثر حصہ پر قبضہ کر لیا۔ فیروز نے ان کی مدافعت کی غرض سے لشکر جمع کر کے حملہ کیا لیکن ناکام رہا۔ ہیاطلہ نے اسے شکست دے کر اس کے چار لڑکوں اور چار بھائیوں کو قتل کر ڈالا۔ خراسان پر قابض ہو گئے۔ اس کے بعد رؤسائے فارس میں سے ایک شخص سوخرا نامی جو نہایت بہادر تھا اٹھا۔ اس نے ہیاطلہ کو مغلوب کر کے خراسان سے نکال دیا اور تمام مال و اسباب چھین لیا اور ان قیدیوں کو چھڑا لیا جنہیں انہوں نے فیروز کے لشکر سے لوٹ لیا تھا اور قید کر لیا تھا۔ فیروز اپنی حکومت کے ستائیسویں سال مر گیا۔ رے، جرجان، آذربیجان میں متعدد شہر آباد کئے۔ بعض کہتے ہیں کہ بادشاہ ہیاطلہ جس نے فیروز پر حملہ کیا تھا اس کا نام خشنوار تھا اور جس شخص نے خراسان کو اس سے چھینا تھا وہ فارس کا سوخرا تھا جسے فیروز نے جنگ خشنوار پر روانگی کے وقت اپنا نائب مقرر کیا تھا اس نے فیروز کی شکست کے بعد جو نمایاں کارگزاری کی وہ ظاہر ہے۔

قباذ الملک: فیروز کے مرنے کے بعد بلاش بن فیروز بادشاہ ہوا قباذ الملک بن فیروز اس کا بھائی بلاش اس پر غالب آ گیا۔ وہ بھاگ کر خاقان بادشاہ ترک کے پاس چلا گیا۔ بلاش نیک سیرتی اور انصاف سے چار برس حکومت کر کے مر گیا۔ اس کے بعد قباذ الملک خاقان کا لشکر لایا اور جیسے بھائی نے اس کی جگہ تخت نشین ہونا بیان کیا جاتا ہے۔ کہتے ہیں جس وقت قباذ اپنے بھائی بلاش سے شکست پا کر خاقان کے پاس بھاگا جا رہا تھا نیشاپور میں گزر ہوا وہاں ایک شب کو ایک عورت سے ہم خواب ہوا اتفاق سے وہ اس سے حاملہ ہو گئی ایام مدت حمل پوری ہونے کے بعد اس سے لڑکا پیدا ہوا پھر جب قباذ چار برس کے بعد خاقان کا لشکر لے کر بلاش سے لڑنے کے لئے آ رہا تھا اور اس کا گزر نیشاپور میں ہوا تو اس نے اس عورت کو یاد کیا۔ وہ عورت اس لڑکے کے ساتھ قباذ کے پاس آئی جو اس کے بطن اور اس کے نطفہ سے پیدا ہوا تھا۔ اسی اثناء میں

۱۔ بعض کہتے ہیں کہ بلاش کا نام [illegible] تباہی کے بعد تخت پر بیٹھا۔

بلاش کے مرنے کی خبر بھی آ گئی قباد بن فیروز نے ترکوں سے مدد حاصل کر کے اسی وقت روانہ ہوا اور دارالسلطنت پہنچ کر تخت پر بیٹھ گیا وزیر سوخرا (سوفرائی) نے اسے بھی بلاش کی طرح اپنی مٹھی میں رکھنا چاہا اور وہی اختیارات اس سے حاصل کیے لیکن جب اس کے قدم حکومت و سلطنت پر جم گئے اور اپنے وزیر بخت سابور مہران کو اپنے قابو میں کر لیا تو اس نے وزیر سوخرا کو گرفتار کر کے قتل کر ڈالا۔

مزدک زندیق کا ظہور: اسی زمانہ حکومت میں مزدک زندیق (مزدق زندیق) ظاہر ہوا یہ اس بات کا مدعی بنا ہوا تھا اور کہتا تھا کہ مال و اسباب اور عورتیں کسی خاص شخص کی ملک نہیں ہیں۔ جس کا جی چاہے ان کو اختیار کرے کیونکہ یہ تمام چیزیں اللہ کی ہیں اور سب ایک ماں باپ سے ہیں۔

قباد: ملک کی معزولی: قباد نے ان کا دین قبول کر لیا جس سے ارکان دولت نے برہم ہو کر اسے تخت سے اتار کر قید کر دیا اور اس کی جگہ جاماسب (جاماسپ) ابن فیروز کو تخت پر بٹھا دیا۔ اس کے بعد زرمہر نے جو اس کا ولی و رفیق تھا۔ قباد کو چھڑا لیا (مزدک زندیق کے مریدوں نے قتل پر [illegible]) دوبارہ تخت پر بٹھا دیا۔ لیکن مزدک زندیق کا فتنہ پھر چل گیا اور ارکان دولت نے قباد اور مزدک کو [illegible] دیکھ کر قباد کو پھر تخت سے اتار کر قید میں ڈال دیا اور جاماسب کو بادشاہ بنا دیا۔ قباد ان کی قید سے بھاگ کر ہیاطلہ[1] کی طرف روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں [illegible] کی لڑکی سے بیاہ کر لیا جس سے انوشیروان پیدا ہوا۔

قباد کا جاماسب پر حملہ: اس کے بعد بادشاہ ہیاطلہ کی مدد سے قباد نے جاماسب پر حملہ کیا۔ جاماسب کو اس لڑائی میں شکست ہوئی اور قباد تخت حکومت پر قابض ہو گیا۔ اس کے بعد رومیوں سے لڑنے کے لئے نکلا آمد فتح کر لیا۔ اس کے رہنے والوں کو قیدی بنا لیا۔ اس نے بہت سے شہر آباد کئے جن میں ارجان بھی ہے جو اہواز اور فارس کے درمیان واقع ہے اس کا زمانہ حکومت چالیس برس تک رہا۔ اس کے بعد انوشیروان بن قباد بن فیروز بن یزدجرد بادشاہ ہوا۔

انوشیروان: انوشیروان بن قباد نے تخت حکومت پر بیٹھتے ہی اپنے ملک کو چار حصوں پر تقسیم کیا۔ پہلی قسمت میں خراسان، سیستان، کرمان تھے اور اس کا دارالحکومت خراسان تھا۔ دوسری قسمت میں وہ شہر تھے جو کہ ہمدان، اصفہان کے درمیان تھے اسی میں آرمینیا اور آذربائیجان کے صوبے بھی شامل تھے۔ اس کا دارالحکومت آذربیجان تھا۔ تیسرے میں اہواز، فارس اور بحرین تھے۔ چوتھے میں عراق تھا۔ اس کی وسعت روم کی سرحد تک قائم تھی۔ ان صوبہ جات کے انتظام اور اہتمام کے لئے عمدہ عمدہ قوانین بنائے اور ہر ایک صوبہ دار کو اس پر کاربند رہنے کی ہدایت کی۔ اس کے بعد اس نے ان ممالک کے واپس لینے کی جن پر اطراف و جوانب کے سلاطین حکمرانی کر رہے تھے کوششیں کیں اور ان میں کامیاب ہوا۔ آرمینیہ کے باغیوں کو آذربیجان میں اور یہاں کے سرکشوں کو آرمینیہ میں لے جا کر آباد کیا۔ [illegible] باب الابواب کی شہر پناہ بنائی جس کے بنانے کی ابتدا اس کے باپ نے کی تھی۔ شہر پناہ دریا کے اندر ایک میل تک ہے یہ شہر پناہ لوہے اور پتھر کا ہے اور [illegible] بنایا [illegible] فرسخ کا ہے اور طبرستان تک [illegible] یہ شہر پناہ بھی ایک لوہے کا

---

[1] قباد کی قید۔ [illegible] ہیاطلہ کی طرف بھاگ جانے کا قصہ جس طرح بیان کرتے ہیں [illegible] جاماسب سے متعلق بعض بیانات کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

انوشیروان کا [illegible] [illegible]

نوشیروان کی فتوحات [illegible]

[illegible]

بہرام چوبین کی فتوحات [illegible]

ہرمز کی معزولی [illegible]

اس کے لڑکے پرویز (پرویز) کو بادشاہ بنانا چاہتے تھے ان سازشیوں میں ہرمز کے اراکین سلطنت بھی شامل تھے۔

پرویز: پرویز ان دنوں آذر بائیجان میں تھا وہاں فوج اور ملکی افسروں نے تخت پر اس کے سر پر شاہی تاج رکھ دیا اور ہرمز کو تخت سے اتار کر قید کر دیا۔ پرویز بادشاہ ہونے اور ملک پر قبضہ حاصل کرنے کے بعد بہرام سے ملنے اور اسے اپنا مطیع بنانے کی غرض سے چند دنوں سے شط نہروان پر ملاقات ہوئی۔ پرویز نے اطاعت کے لئے چند شرائط پیش کیں۔ جنہیں بہرام نے تسلیم نہ کیا اس وجہ سے دونوں میں لڑائی ہوئی بہرام نے پرویز کو پسپا کر دیا۔ پرویز پھر دوبارہ لڑائی کے میدان میں آیا۔ لیکن اس بار دوستوں نے بھی کچھ فائدہ نہ پہنچایا۔ اس کے تمام نامی سردار مارے گئے اور یہ جان بچا کر مدائن کی طرف بھاگ نکلا۔ پرویز کا باپ ہرمز محلوں میں قید تھا اس سے یہ خبر بیان کی گئی اور اس بارے میں مشورہ لیا گیا اس نے مشورہ دیا کہ بادشاہ روم کے پاس جائے اور اس سے امداد طلب کرنے کی صلاح دی۔ چنانچہ پرویز بھاگ کر وہاں گیا اور اپنی حکومت کے بارے میں درخواست کرتا رہا۔

پرویز اور بہرام کی جنگ: بعض نے آپ واقعہ اس طرح بھی بیان کیا ہے کہ پرویز کو جب اپنے باپ سے بدگمانی پیدا ہوئی۔ تو وہ جان کے خوف سے آذر بائیجان چلا آیا۔ یہاں آکر امراء اور ملکی فوجی افسران جمع ہوئے اور کوئی بات پیدا نہ ہوئی۔ اسی اثناء میں ہرمز نے ایک سپہ سالار کو بہرام سے لڑنے کے لئے بھیجا۔ بہرام نے اس سپہ سالار کو قتل کر ڈالا فوج بے سردار ہونے کی وجہ سے مدائن کی طرف بھاگی۔ بہرام نے اس کا تعاقب کیا۔ ہرمز یہ اطلاع پا کر پریشان ہو گیا۔ پرویز اپنے باپ کی پریشانی دیکھ کر نکل پڑا اور اسے گرفتار کر کے بہرام کے مقابلے پر خود آیا لیکن بہرام سے شکست کھا کر بھاگا۔ اس کے باپ ہرمز نے بادشاہ روم کے پاس جانے کی اطلاع دی۔ لیکن پرویز کے ماموں نے یہ کہا کہ ہمیں اس امر کا خوف ہے کہ بہرام ہم پر دھاوا کرنے چلا آئے گا اور تیرے باپ کو دوبارہ تخت پر بٹھا دے اس وجہ سے بہتر یہ ہے کہ ہم تیرے باپ کو قتل کر کے بادشاہ روم کے پاس چلے جائیں۔ پرویز نے اس رائے کو پسند کیا اور فرات عبور کر کے مدائن کی طرف بڑھا کر بہرام کے تعاقب سے مجبور ہو کر روم کی طرف بھاگا۔ اثنائے جنگ اور تعاقب میں پرویز کے ماموں بندویہ کو بہرام نے گرفتار کر لیا اور سرحد روم تک اس کا تعاقب کرتے ہوئے چلا آیا۔

